فَيَعْرِفُونَهُمْ بِصُوَرِهِمْ لَا تَأْكُلُ النَّارُ صُوَرَهُمْ فَمِنْهُمْ مَنْ أَخَذَتْهُ النَّارُ إِلَى أَنْصَافِ سَاقَيْهِ وَمِنْهُمْ مَنْ أَخَذَتْهُ إِلَى كَعْبَيْهِ فَيُخْرِجُونَهُمْ فَيَقُولُونَ رَبَّنَا أَخْرَجْنَا مَنْ قَدْ أَمَرْتَنَا ثُمَّ يَقُولُ أَخْرِجُوا مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ وَزْنُ دِينَارٍ مِنَ الْإِيمَانِ ثُمَّ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ وَزْنُ نِصْفِ دِينَارٍ ثُمَّ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ قَالَ أَبُو سَعِيدٍ فَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْ هَذَا فَلْيَقْرَأْ إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَإِنْ تَكُ حَسَنَةً يُضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِن لَّدُنْهُ أَجْرًا عَظِيمًا

جائیں گے اور وہ ان کو ان کی شکلوں سے پہچان لیں گے۔ آگ نے ان کی صورتوں کو کھایا نہ ہوگا۔ ہاں ان میں سے بعض کو آگ نے اُن کی پنڈلیوں کے نصف تک پکڑا ہوگا اور ان میں سے بعض کو ان کے ٹخنوں تک پکڑا ہوگا۔ پس وہ ان کو نکالیں گے اور کہیں گے اے اللہ! ہم نے ان کو نکال لیا ہے جن کے نکالنے کا تو نے حکم دیا تھا۔ پھر (اللہ فرمائے گا) اسے بھی نکال لو جس کے دل میں دینار کے وزن کے برابر بھی ایمان ہے۔ پھر (فرمائے گا) اُسے بھی نکال لو جس کے دل میں آدھے دینار کے وزن کے برابر ایمان ہے۔ پھر اسے بھی نکال لو جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی ایمان ہے۔ ابوسعید نے کہا جو اس کی تصدیق نہ کرتا ہو تو اسے چاہئے قرآن کی یہ آیت پڑھے **إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَإِنْ تَكُ حَسَنَةً يُضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِن لَّدُنْهُ أَجْرًا عَظِيمًا**☆ (ترجمہ) یقیناً اللہ ذرّہ برابر بھی ظلم نہیں کرتا۔ اور اگر کوئی نیکی کی بات ہو تو وہ اسے بڑھاتا ہے اور اپنی طرف سے بھی بہت بڑا اجر عطا کرتا ہے۔

61:حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ نَجِيحٍ وَكَانَ ثِقَةً عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

61: حضرت جندب بن عبداللہؓ نے بیان کیا کہ ہم نبی ﷺ کے ساتھ تھے اور ہم مضبوط نوجوان تھے۔ پس ہم نے ایمان سیکھا قبل اس کے کہ قرآن سیکھیں۔ پھر ہم نے قرآن کا علم حاصل کیا اور اس کی

☆ النساء:41

وَنَحْنُ فِتْيَانٌ حَزَاوِرَةٌ فَتَعَلَّمْنَا الْإِيمَانَ قَبْلَ أَنْ نَتَعَلَّمَ الْقُرْآنَ ثُمَّ تَعَلَّمْنَا الْقُرْآنَ فَازْدَدْنَا بِهِ إِيمَانًا

وجہ سے ہم ایمان میں بہت بڑھ گئے۔

62: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ نِزَارٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صِنْفَانِ مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ لَيْسَ لَهُمَا فِي الْإِسْلَامِ نَصِيبٌ الْمُرْجِئَةُ وَالْقَدَرِيَّةُ

62: حضرت ابن عباسؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس امت میں سے دو فریق ایسے ہیں جن کا اسلام میں سے کچھ بھی حصہ نہیں۔ — اَلْمُرْجِئَةُ اور اَلْقَدَرِيَّةُ — ☆

63: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ كَهْمَسِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ قَالَ كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ رَجُلٌ شَدِيدُ بَيَاضِ الثِّيَابِ شَدِيدُ سَوَادِ شَعَرِ الرَّأْسِ لَا يُرَى عَلَيْهِ أَثَرُ سَفَرٍ وَلَا يَعْرِفُهُ مِنَّا أَحَدٌ قَالَ فَجَلَسَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْنَدَ

63: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے بیان فرمایا کہ ہم نبی ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک آدمی آیا جس کے کپڑے بہت سفید اور سر کے بال بہت سیاہ تھے۔ اس پر سفر کا کوئی نشان نظر نہیں آتا تھا اور اسے ہم میں سے کوئی پہچانتا بھی نہیں تھا۔ وہ نبی ﷺ کے پاس بیٹھ گیا اس نے اپنا گھٹنا آپؐ کے گھٹنے سے ملا لیا اور اپنے دونوں ہاتھ آپؐ کی دونوں رانوں پر رکھ دیئے۔ پھر کہا اے

62:اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فی الایمان 73
تخریج:ترمذی کتاب القدر باب ما جاء فی القدریة 2149
63:اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فی الایمان 64 کتاب الفتن باب اشراط الساعة 4044
تخریج :بخاری کتاب الایمان باب سؤال جبریل النبی ﷺ عن الایمان ... 50 کتاب التفسیر باب قوله ان الله عنده علم الساعة 4777 **مسلم** کتاب الایمان باب بیان الایمان والاسلام والاحسان ووجوب الایمان باثبات قدر الله سبحانه وتعالیٰ وبیان الدلیل علی التبری ممن لا یؤمن بالقدر واغلاظ القول فی حقه 1، 2، 3، 4 **ترمذی** کتاب الایمان باب ما جاء فی وصف جبریل للنبی ﷺ الایمان والاسلام 2610 **نسائی** کتاب الایمان وشرائعه باب نعت الاسلام 4990 صفة الایمان والاسلام 4991 **ابوداؤد** کتاب السنة باب فی القدر 4695

☆ معلوم ہوتا ہے کہ اَلْمُرْجِئَةُ وَالْقَدَرِيَّةُ کے الفاظ بعد کے راوی کے ہیں۔ واللہ اعلم

رُكْبَتَهُ إِلَى رُكْبَتِهِ وَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلَى فَخِذَيْهِ ثُمَّ قَالَ يَا مُحَمَّدُ مَا الْإِسْلَامُ قَالَ شَهَادَةُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللَّهِ وَإِقَامُ الصَّلَاةِ وَإِيتَاءُ الزَّكَاةِ وَصَوْمُ رَمَضَانَ وَحَجُّ الْبَيْتِ قَالَ صَدَقْتَ فَعَجِبْنَا مِنْهُ يَسْأَلُهُ وَيُصَدِّقُهُ ثُمَّ قَالَ يَا مُحَمَّدُ مَا الْإِيمَانُ قَالَ أَنْ تُؤْمِنَ بِاللَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَرُسُلِهِ وَكُتُبِهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَالْقَدَرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ قَالَ صَدَقْتَ فَعَجِبْنَا مِنْهُ يَسْأَلُهُ وَيُصَدِّقُهُ ثُمَّ قَالَ يَا مُحَمَّدُ مَا الْإِحْسَانُ قَالَ أَنْ تَعْبُدَ اللَّهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ فَإِنَّكَ إِنْ لَا تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ قَالَ فَمَتَى السَّاعَةُ قَالَ مَا الْمَسْئُولُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ قَالَ فَمَا أَمَارَتُهَا قَالَ أَنْ تَلِدَ الْأَمَةُ رَبَّتَهَا (قَالَ وَكِيعٌ يَعْنِي تَلِدُ الْعَجَمُ الْعَرَبَ) وَأَنْ تَرَى الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ الْعَالَةَ رِعَاءَ الشَّاءِ يَتَطَاوَلُونَ فِي الْبِنَاءِ قَالَ ثُمَّ قَالَ فَلَقِيَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ثَلَاثٍ فَقَالَ أَتَدْرِي مَنِ الرَّجُلُ قُلْتُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ ذَاكَ جِبْرِيلُ أَتَاكُمْ يُعَلِّمُكُمْ مَعَالِمَ دِينِكُمْ

محمد (ﷺ) اسلام کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے اور یہ کہ میں اللہ کا رسول ہوں اور نماز قائم کرنا اور زکوٰہ دینا اور رمضان کے روزے رکھنا اور بیت اللہ کا حج کرنا۔ اس نے کہا آپؐ نے سچ فرمایا۔ ہمیں اس پر تعجب ہوا کہ وہ آپؐ سے سوال کرتا ہے اور آپؐ کی تصدیق بھی کرتا ہے۔ پھر اس نے کہا اے محمدؐ! ایمان کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا یہ کہ تو اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کے رسولوں اور اس کی کتابوں اور آخری دن پر اور تقدیر کو، اس کی خیر اور شر کو مانے۔ اس نے کہا آپؐ نے سچ فرمایا۔ پس ہمیں اس پر تعجب ہوا کہ وہ آپؐ سے سوال کرتا ہے اور پھر آپؐ کی تصدیق بھی کرتا ہے۔ پھر اس نے سوال کیا اے محمدؐ! احسان کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا کہ تو اللہ کی اس طرح عبادت کرے کہ گویا تو اسے دیکھ رہا ہے اگر تو اسے نہیں دیکھ رہا ہے تو وہ تو تجھے دیکھ رہا ہے۔ پھر اس نے سوال کیا کہ وہ گھڑی کب ہوگی؟ آپؐ نے فرمایا جس سے پوچھا جا رہا ہے وہ پوچھنے والے سے زیادہ نہیں جانتا۔ پھر اس نے کہا اس کی نشانیاں کیا ہیں؟ فرمایا جب باندی اپنے مالک کو جنے گی —— وکیع نے کہا یعنی عجمی عربوں کو جننے لگیں گے —— اور جب تو دیکھے کہ ننگے پاؤں اور ننگے بدن والے بکریوں کے چرواہے اونچی عمارتیں تعمیر کرنے میں ایک دوسرے

سے مقابلہ کریں گے۔ (حضرت ابن عمرؓ) کہتے ہیں پھر (حضرت عمرؓ) نے کہا نبی ﷺ مجھے تین دن کے بعد ملے اور فرمایا کہ جانتے ہو وہ آدمی کون تھا؟ میں نے کہا کہ اللہ اور اس کا رسولؐ ہی بہتر جانتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا وہ جبریلؑ تھے جو تمہیں تمہارے دین کے علوم سکھانے کے لئے آئے تھے۔

64: حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ أَبِي حَيَّانَ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا بَارِزًا لِلنَّاسِ فَأَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا الْإِيمَانُ قَالَ أَنْ تُؤْمِنَ بِاللَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ وَلِقَائِهِ وَتُؤْمِنَ بِالْبَعْثِ الْآخِرِ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا الْإِسْلَامُ قَالَ أَنْ تَعْبُدَ اللَّهَ وَلَا تُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَتُقِيمَ الصَّلَاةَ الْمَكْتُوبَةَ وَتُؤَدِّيَ الزَّكَاةَ الْمَفْرُوضَةَ وَتَصُومَ رَمَضَانَ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا الْإِحْسَانُ قَالَ أَنْ تَعْبُدَ اللَّهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ فَإِنَّكَ إِنْ لَا تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَتَى

64: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک روز لوگوں میں باہر تشریف فرما تھے کہ آپؐ کے پاس ایک آدمی آیا اور کہا یارسولؐ اللہ! ایمان کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا کہ تم اللہ، اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں اور اس کی ملاقات پر ایمان لاؤ اور اخروی زندگی پر ایمان لاؤ۔ اس نے کہا یا رسولؐ اللہ! اسلام کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا کہ تم اللہ کی عبادت کرو اور تم اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہراؤ اور فرض نماز قائم کرو اور فرض زکوٰۃ ادا کرو۔ رمضان کے روزے رکھو۔ اس نے کہا یا رسولؐ اللہ! احسان کیا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا تم اللہ کی عبادت کرو گویا تم اس کو دیکھ رہے ہو اور اگر تم اس کو نہیں دیکھ رہے تو پھر وہ

64:**اطراف** :ابن ماجه مقدمة المؤلف باب في الايمان 63 كتاب الفتن باب اشراط الساعة 4044

تخريج:**بخاری** كتاب الايمان باب سؤال جبريل النبى ﷺ عن الايمان ... 50 كتاب التفسير باب قوله ان الله عنده علم الساعة 4777 **مسلم** كتاب الايمان باب بيان الايمان والاسلام والاحسان ووجوب الايمان باثبات قدر الله سبحانه وتعالى وبيان الدليل على التبرى ممن لا يؤمن بالقدر واغلاظ القول فى حقه 1 ، 2، 3،4 **ترمذی** كتاب الايمان باب ما جاء فى وصف جبريل للنبى ﷺ الايمان والاسلام 2610 **نسائی** كتاب الايمان وشرائعه باب نعت الاسلام 4990 صفة الايمان والاسلام 4991 **ابو داؤد** كتاب السنة باب فى القدر 4695

السَّاعَةُ قَالَ مَا الْمَسْئُولُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ وَلَكِنْ سَأُحَدِّثُكَ عَنْ أَشْرَاطِهَا إِذَا وَلَدَتِ الْأَمَةُ رَبَّتَهَا فَذَلِكَ مِنْ أَشْرَاطِهَا وَإِذَا تَطَاوَلَ رِعَاءُ الْغَنَمِ فِي الْبُنْيَانِ فَذَلِكَ مِنْ أَشْرَاطِهَا فِي خَمْسٍ لَا يَعْلَمُهُنَّ إِلَّا اللَّهُ

تمہیں یقیناً دیکھ رہا ہے۔ پھر اس نے کہا یا رسولؐ اللہ! وہ گھڑی کب ہوگی؟ آپؐ نے فرمایا جس سے پوچھا جا رہا ہے وہ پوچھنے والے سے زیادہ نہیں جانتا لیکن میں تمہیں اس کی علامات کے بارے میں بتاتا ہوں۔ جب باندی اپنی مالکہ کو جنے گی اور جب بکریوں کے چرواہے عمارتوں کے بلند و بالا بنانے میں مقابلہ کریں گے۔ یہ اس (گھڑی) کی نشانیوں میں سے ہے۔ اس گھڑی کا علم ان پانچ باتوں میں سے ہے جن کو سوائے اللہ کے کوئی نہیں جانتا اور رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت پڑھی إِنَّ اللَّهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ ☆ (ترجمہ) یقیناً اللہ ہی ہے جس کے پاس قیامت کا علم ہے اور وہ بارش کو اُتارتا ہے اور جانتا ہے کہ رحموں میں کیا ہے اور کوئی ذی روح نہیں جانتا کہ وہ کل کیا کمائے گا اور کوئی ذی روح نہیں جانتا کہ کس زمین میں وہ مَرے گا۔ یقیناً اللہ دائمی علم رکھنے والا (اور) ہمیشہ باخبر ہے۔

65: حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ أَبِي سَهْلٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَعِيلَ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ صَالِحٍ أَبُو الصَّلْتِ الْهَرَوِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُوسَى الرِّضَا عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ

65: حضرت علی بن ابی طالبؓ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ایمان دل کی معرفت اور زبان کے اقرار اور اسلام کے ارکان پر عمل کا نام ہے۔

☆ لقمان: 35

مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيه عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِب قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْإِيمَانُ مَعْرِفَةٌ بِالْقَلْبِ وَقَوْلٌ بِاللِّسَانِ وَعَمَلٌ بِالْأَرْكَانِ قَالَ أَبُو الصَّلْتِ لَوْ قُرِئَ هَذَا الْإِسْنَادُ عَلَى مَجْنُونٍ لَبَرَأَ

66:حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى يُحِبَّ لِأَخِيهِ (أَوْ قَالَ لِجَارِهِ) مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ

66: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں کوئی مومن نہیں ہوتا یہاں تک کہ وہ اپنے بھائی یا فرمایا اپنے پڑوسی کے لئے بھی وہی پسند نہ کرے جو اپنے نفس کے لئے پسند کرتا ہے۔

67:حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى أَكُونَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَلَدِهِ وَوَالِدِهِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ

67: حضرت انس بن مالکؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے کوئی مومن نہیں ہوسکتا، جب تک کہ میں اسے اسکی اولاد اور اسکے والد اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہوں۔

66:تخریج: بخاری کتاب الایمان باب من الایمان ان یحب لاخیه ما یحب لنفسه 13 **مسلم** کتاب الایمان باب الدلیل علی ان من خصال الایمان ان یحب لاخیه المسلم ما یحب لنفسه من الخیر 56، 57 **ترمذی** کتاب صفة القیامة والرقائق والورع عن رسول اللہ ﷺ باب ما جاء فی صفة اوانی الحوض 2515 **نسائی** کتاب الایمان وشرائعه علامة الایمان 5016، 5017، 5039

67:اطراف : ابن ماجه کتاب الفتن باب الصبر علی البلاء 4033

تخریج: بخاری کتاب الایمان باب حب الرسول ﷺ من الایمان 14، 15 کتاب الایمان باب حلاوة الایمان 16 باب من کره ان یعود فی السفر کما یکره ان یلقی فی النار من الایمان 21 کتاب الادب باب الحب فی الله 6041 کتاب الاکراه باب من اختار الضرب والقتل والهوان علی الکفر 6941 کتاب الایمان والنذور باب کیف کانت یمین النبی ﷺ 6632 **مسلم** کتاب الایمان باب وجوب محبة رسول الله ﷺ اکثر من الاهل والولد والوالد والناس اجمعین واطلاق عدم الایمان علی من لم یحبه هذه المحبة 54، 55 **ترمذی** کتاب الایمان باب ما جاء فی ترک الصلاة 2624 **نسائی** کتاب الایمان طعم الایمان 4987 حلاوة الایمان 4988 حلاوة الاسلام 4989 کتاب الایمان وشرائعه باب علامة الایمان 5013، 5014، 5015

68: حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ وَأَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ حَتَّى تُؤْمِنُوا وَلَا تُؤْمِنُوا حَتَّى تَحَابُّوا أَوَ لَا أَدُلُّكُمْ عَلَى شَيْءٍ إِذَا فَعَلْتُمُوهُ تَحَابَبْتُمْ أَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ

68: حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، تم جنت میں داخل نہیں ہوسکتے جب تک مومن نہ ہو جاؤ اور تم مومن نہیں ہوسکتے جب تک باہم محبت نہ کرو۔ اور کیا میں تمہیں ایسی بات نہ بتاؤں اگر تم اس کو کرو گے تو آپس میں محبت کرنے لگو گے، تم آپس میں سلام کو رواج دو۔

69: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْأَعْمَشِ ح و حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوقٌ وَقِتَالُهُ كُفْرٌ

69: حضرت عبد اللہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مسلمان کو گالی دینا گناہ ہے اور اُس سے لڑائی کرنا کفر ہے۔

68: اطراف : ابن ماجه كتاب الادب باب افشاء السلام 3692

تخریج: مسلم كتاب الايمان باب بيان انه لا يدخل الجنة الا المؤمنون 73 **ترمذی** كتاب صفة القيامة والرقائق والورع 2510 كتاب الاستئذان والآداب باب ما جاء فى افشاء السلام 2688 **ابو داؤد** كتاب الادب باب فى افشاء السلام 5193

69: اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب اجتناب البدع والجدل 46 كتاب الفتن باب سباب المسلم فسوق وقتاله كفر 3939، 3940، 3941

تخریج: بخاری كتاب الايمان باب خوف المؤمن من ان يحبط عمله وهو لا يشعر 48 كتاب الادب باب ما ينهى من اسباب واللعن 6044 كتاب الفتن باب قول النبى ﷺ لاترجعوا بعدى كفارا 7076 **مسلم** كتاب الايمان باب بيان قول النبى ﷺ سباب المسلم فسوق وقتاله كفر 89 **ترمذی** كتاب البر وصلة باب ما جاء فى الشتم 1983 كتاب الايمان باب ما جاء سباب المؤمن فسوق 2634، 2635 **نسائی** كتاب تحريم الدم باب قتال المسلم 4104، 4105، 4106، 4107، 4108، 4109، 4110، 4111، 4112، 4113

70:حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فَارَقَ الدُّنْيَا عَلَى الْإِخْلَاصِ لِلَّهِ وَحْدَهُ وَعِبَادَتِه لَا شَرِيكَ لَهُ وَإِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ مَاتَ وَاللَّهُ عَنْهُ رَاضٍ قَالَ أَنَسٌ وَهُوَ دِينُ اللَّهِ الَّذِي جَاءَتْ بِه الرُّسُلُ وَبَلَّغُوهُ عَنْ رَبِّهِمْ قَبْلَ هَرْجِ الْأَحَادِيثِ وَاخْتِلَافِ الْأَهْوَاءِ وَتَصْدِيقُ ذَلِكَ فِي كِتَابِ اللَّهِ فِي آخِرِ مَا نَزَلَ يَقُولُ اللَّهُ فَإِنْ تَابُوا قَالَ خَلْعُ الْأَوْثَانِ وَعِبَادَتِهَا وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ وَقَالَ فِي آيَةٍ أُخْرَى فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ حَدَّثَنَا أَبُو حَاتِمٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى الْعَبْسِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ أَنَسٍ مِثْلَهُ

71:حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْأَزْهَرِ حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ

70: حضرت انس بن مالک ؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص خدائے واحد سے اخلاص پر اور اس کی عبادت پر (اور یہ ماننے پر) کہ اس کا کوئی شریک نہیں اور نماز قائم کرنے پر اور زکوٰۃ ادا کرنے پر دنیا چھوڑ دے اور وہ فوت ہوگا اور اللہ اس سے راضی ہوگا۔ حضرت انس ؓ نے کہا کہ یہ اللہ کا ہی دین ہے جو سارے رسول لے کر آئے اور انہوں نے اسے روایات کے خلط ملط اور خواہشات کے اختلاف سے پہلے، اپنے رب کی طرف سے پہنچا دیا تھا اور اس کی تصدیق اللہ کی کتاب کے اس حصہ میں ہے جو آخر میں اُترا۔ فَإِنْ تَابُوا (ترجمہ) پس اگر وہ توبہ کریں۔ یعنی بتوں اور اُن کی عبادت کو چھوڑ دیں۔ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ (ترجمہ) اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں[1] اور دوسری آیت میں اللہ فرماتا ہے فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ (ترجمہ) پس اگر وہ توبہ کرلیں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں تو وہ دین میں تمہارے بھائی ہیں۔[2]

71: حضرت ابو ہریرہ ؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں (حملہ آور) لوگوں سے اس وقت تک لڑائی جاری رکھوں حتّٰی کہ وہ گواہی دیں اللہ کے سوا کوئی عبادت

71:اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب في الايمان 72 كتاب الفتن باب الكف عمن قال لا اله الا الله 3927، 3928، 3929

1:۔ التوبه:5 2:۔ التوبة: 11

النَّاسَ حَتَّى يَشْهَدُوا أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللَّهِ وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ

کے لائق نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں۔

72: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْأَزْهَرِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَهْرَامَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَشْهَدُوا أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللَّهِ وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ

72: حضرت معاذ بن جبلؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ (حملہ آور) لوگوں سے لڑائی کروں☆، یہاں تک کہ وہ یہ گواہی دیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں۔

تخریج: بخاری كتاب الايمان باب فان تابوا واقاموا الصلاة 25 كتاب الصلاة باب فضل استقبال القبلة 392 ، 393 كتاب الزكوة باب وجوب الزكوة 1399 كتاب الجهاد والسير باب دعاء النبی ﷺ الى الاسلام والنبوة 2946 كتاب استتابة المرتدين والمعاندين باب قتل من ابى قبول الفرائض وما نسبوا الى الردة 6924 كتاب الاعتصام باب الاقتداء بالسنن رسول الله ﷺ 7285 **مسلم** كتاب الايمان باب الامر بقتال الناس حتى يقولوا لااله الا الله محمدرسول الله ويقيموا الصلاة ويؤ تو الزكوة ويؤمنوا بجميع ما جاء به النبی ﷺ ... 21 ، 22 ، 23 ، 24 ، 25 **ترمذی** كتاب الايمان باب ما جاء امرت ان اقاتل الناس حتى يقولوا لااله الا الله 2606 ، 2607 باب ما جاء فی قول النبی ﷺ امرت بقتالهم حتى يقولوا لا اله الله 2608 كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة الغاشية 3341 **نسائی** كتاب الزكاة مانع الزكوة 2443 كتاب الجهاد وجوب الجهاد 3090 ، 3091 ، 3092 ، 3093 ، 3094 ، 3095 كتاب تحريم الدم 3966 ، 3967 ، 3968 ، 3969 ، 3970 ، 3971 ، 3972 ، 3973 ، 3974 ، 3975 ، 3976، 3977 ، 3978 ، 3979 ، 3982 ، 3983 كتاب الايمان على ما يقاتل الناس 5003 علامة المؤمن 5039 **ابو داؤد** كتاب الزكاة باب ماتحب فيه الزكوة 1556 كتاب الجهاد باب على ما يقاتل المشركون 2640 ، 2641 ، 2642 كتاب الجنائز باب اين يقوم الامام من الميت اذا صلى عليه 3194

☆ یہاں جس لڑائی کا ذکر ہے اس کی ابتداء کفار کی طرف سے ہو چکی تھی۔

72: اطراف: ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فی الايمان 71 كتاب الفتن باب الكف عمن قال لا اله الا الله 3927 ، 3928، 3929

تخریج: بخاری كتاب الايمان باب فان تابوا واقاموا الصلاة 25 كتاب الصلاة باب فضل استقبال القبلة 392 ، 393 كتاب الزكوة باب وجوب الزكوة 1399 كتاب الجهاد والسير باب دعاء النبی ﷺ الى الاسلام والنبوة 2946 كتاب استتابة المرتدين والمعاندين باب قتل من ابى قبول الفرائض وما نسبوا الى الردة 6924 كتاب الاعتصام باب الاقتداء بالسنن رسول الله ﷺ 7285 **مسلم** كتاب الايمان باب الامر بقتال الناس حتى يقولوا لااله الا الله محمدرسول الله ويقيموا الصلاة ويؤ تو الزكوة ويؤمنوا بجميع ما جاء به النبی ﷺ ... 21 ، 22 ، 23 ، 24 ، 25 **ترمذی** كتاب الايمان باب ما جاء امرت ان اقاتل الناس حتى يقولوا لااله الا الله 2606 ، 2607 باب ما جاء فی قول النبی ﷺ امرت بقتالهم حتى يقولوا لا اله الله 2608 كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة الغاشية 3341 **نسائی** كتاب الزكاة مانع الزكوة 2443 كتاب الجهاد وجوب الجهاد 3090 ، 3091 ، 3092 ، 3093 ، 3094 ، 3095 كتاب تحريم الدم 3966 ، 3967 ، 3968 ، 3969 ، 3970 ، 3971 ، 3972 ، 3973 ، 3974 ، 3975 ، 3976 ، 3977 ، 3978 ، 3979 ، 3982 ، 3983 كتاب الايمان على ما يقاتل الناس 5003 علامة المؤمن 5039 **ابو داؤد** كتاب الزكاة باب ماتحب فيه الزكوة 1556 كتاب الجهاد باب على ما يقاتل المشركون 2640 ، 2641 ، 2642 كتاب الجنائز باب اين يقوم الامام من الميت اذا صلى عليه 3194

73:حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَعِيلَ الرَّازِيُّ أَنْبَأَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ اللَّيْثِيُّ حَدَّثَنَا نِزَارُ بْنُ حَيَّانَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صِنْفَانِ مِنْ أُمَّتِي لَيْسَ لَهُمَا فِي الْإِسْلَامِ نَصِيبٌ أَهْلُ الْإِرْجَاءِ وَأَهْلُ الْقَدَرِ

73: حضرت عبد اللہ بن عباسؓ اور حضرت جابر بن عبداللہؓ دونوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری امت میں سے دو گروہ ایسے ہیں جن کا اسلام میں کچھ بھی حصہ نہیں ہے — مرجئہ اور قدریہ۔

74:حَدَّثَنَا أَبُو عُثْمَانَ الْبُخَارِيُّ سَعِيدُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ يَعْنِي ابْنَ عَيَّاشٍ عَنْ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ مُجَاهِدٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَا الْإِيمَانُ يَزِيدُ وَيَنْقُصُ

74: حضرت ابن عباسؓ اور حضرت ابو ہریرہؓ دونوں نے بیان کیا کہ ایمان بڑھتا اور کم ہوتا ہے۔

75:حَدَّثَنَا أَبُو عُثْمَانَ الْبُخَارِيُّ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ عَنْ جَرِيرِ بْنِ عُثْمَانَ عَنِ الْحَارِثِ أَظُنُّهُ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ الْإِيمَانُ يَزْدَادُ وَيَنْقُصُ

75: حضرت ابو درداءؓ نے بیان کیا کہ ایمان بڑھتا ہے اور کم (بھی) ہوتا ہے۔

73:اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فی الایمان 62

تخریج:ترمذی کتاب القدر باب ما جاء فی القدریة 2149

74:اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فی الایمان75

75:اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فی الایمان 74

10: بَاب: فِي الْقَدَرِ

باب: تقدیر کے بارے میں

76: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ وَأَبُو مُعَاوِيَةَ ح و حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ الرَّقِّيُّ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ حَدَّثَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوقُ أَنَّهُ يُجْمَعُ خَلْقُ أَحَدِكُمْ فِي بَطْنِ أُمِّهِ أَرْبَعِينَ يَوْمًا ثُمَّ يَكُونُ عَلَقَةً مِثْلَ ذَلِكَ ثُمَّ يَكُونُ مُضْغَةً مِثْلَ ذَلِكَ ثُمَّ يَبْعَثُ اللَّهُ إِلَيْهِ الْمَلَكَ فَيُؤْمَرُ بِأَرْبَعِ كَلِمَاتٍ فَيَقُولُ اكْتُبْ عَمَلَهُ وَأَجَلَهُ وَرِزْقَهُ وَشَقِيٌّ أَمْ سَعِيدٌ فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ حَتَّى مَا يَكُونُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا إِلَّا ذِرَاعٌ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ فَيَدْخُلُهَا وَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ حَتَّى مَا يَكُونُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا إِلَّا ذِرَاعٌ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ

76: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اور آپؐ صادق و مصدوق ہیں (یعنی آپؐ سچے ہیں اور آپؐ کو سچ ہی عنایت فرمایا گیا ہے) تم میں سے ہر ایک کا تخلیقی مواد اس کی ماں کے پیٹ میں چالیس دن جمع کیا جاتا ہے۔ پھر اسی طرح وہ چمٹنے والا بن جاتا ہے اور پھر اسی طرح ایک گوشت کا ٹکڑا بن جاتا ہے پھر اس کی طرف اللہ ایک فرشتہ بھیجتا ہے اور اسے چار باتوں کا حکم دیا جاتا ہے۔ پس اللہ اسے کہتا ہے کہ اس کا عمل لکھ اور اس کی عمر لکھ اور اس کا رزق لکھ اور بدبخت ہے یا نیک بخت۔ قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ تم میں سے کوئی اہل جنت کے عمل کرتا چلا جاتا ہے، یہاں تک کہ اس کے اور جنت کے درمیان ایک ہاتھ کا فاصلہ رہ جاتا ہے اور اس کے متعلق لکھا ہوا اس پر غالب آجاتا ہے اور وہ جہنمیوں والے عمل کرتا ہے اور اس میں داخل ہو جاتا ہے اور تم میں سے کوئی دوزخیوں والے عمل کرتا چلا جاتا ہے یہاں تک کہ اس

76: تخریج : **بخاری** کتاب الحیض باب مخلقة وغیر مخلقة 318 کتاب بدء الخلق باب ذکر الملائکة صلوات علیهم 3208 کتاب احادیث الانبیاء باب خلق آدم صلوات الله علیه وذریته 3332، 3333 کتاب القدر باب فی القدر 6594، 6595 کتاب التوحید باب قوله تعالیٰ ولقد سبقت کلمتنا لعبادنا المرسلین 7454 **مسلم** کتاب القدر باب کیفیة القدر خلق الآدمی فی بطن امه ... 4767، 4768، 4769، 4770، 4771، 4772 **ترمذی** کتاب القدر باب ماجاء ان الاعمال بالخواتیم 2137 **ابو داؤد** کتاب السنة باب فی القدر 4708

الْكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَدْخُلُهَا

کے اوراس (دوزخ) کے درمیان صرف ایک ہاتھ فاصلہ رہ جاتا ہے اور اس کے متعلق لکھا ہوا اس پر غالب آجاتا ہے اور وہ جنتیوں جیسے عمل کرتا ہے اور اس میں داخل ہو جاتا ہے۔

77:حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا سِنَانٍ عَنْ وَهْبِ بْنِ خَالِدٍ الْحِمْصِيِّ عَنِ ابْنِ الدَّيْلَمِيِّ قَالَ وَقَعَ فِي نَفْسِي شَيْءٌ مِنْ هَذَا الْقَدَرِ خَشِيتُ أَنْ يُفْسِدَ عَلَيَّ دِينِي وَأَمْرِي فَأَتَيْتُ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ فَقُلْتُ أَبَا الْمُنْذِرِ إِنَّهُ قَدْ وَقَعَ فِي نَفْسِي شَيْءٌ مِنْ هَذَا الْقَدَرِ فَخَشِيتُ عَلَى دِينِي وَأَمْرِي فَحَدِّثْنِي مِنْ ذَلِكَ بِشَيْءٍ لَعَلَّ اللَّهَ أَنْ يَنْفَعَنِي بِهِ فَقَالَ لَوْ أَنَّ اللَّهَ عَذَّبَ أَهْلَ سَمَاوَاتِهِ وَأَهْلَ أَرْضِهِ لَعَذَّبَهُمْ وَهُوَ غَيْرُ ظَالِمٍ لَهُمْ وَلَوْ رَحِمَهُمْ لَكَانَتْ رَحْمَتُهُ خَيْرًا لَهُمْ مِنْ أَعْمَالِهِمْ وَلَوْ كَانَ لَكَ مِثْلُ جَبَلِ أُحُدٍ ذَهَبًا أَوْ مِثْلُ جَبَلِ أُحُدٍ تُنْفِقُهُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ مَا قُبِلَ مِنْكَ حَتَّى تُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ فَتَعْلَمَ أَنَّ مَا أَصَابَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَكَ وَأَنَّ مَا أَخْطَأَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيبَكَ وَأَنَّكَ إِنْ مُتَّ عَلَى غَيْرِ هَذَا دَخَلْتَ النَّارَ

77: ابن دیلمی نے بیان کیا کہ میرے دل میں تقدیر کے بارے میں کچھ خیال پیدا ہو گیا اور مجھے اندیشہ ہوا کہ وہ میرے دین اور کام کو ہی بگاڑ نہ دے۔ میں حضرت ابی بن کعبؓ کے پاس آیا اور میں نے کہا اے ابومنذر! میرے دل میں اس تقدیر کے بارے میں کچھ خیال پیدا ہو گیا ہے اور میں اپنے دین اور کام کے بارے میں ڈرتا ہوں، پس مجھے کوئی ایسی بات اس بارہ میں بتایئے۔ شاید اللہ مجھے فائدہ پہنچائے۔ انہوں (حضرت ابومنذرؓ) نے کہا اگر اللہ اپنے آسمانوں والوں کو عذاب دے اور اپنی زمین والوں کو عذاب دے تو عذاب تو دے گا مگر اُن پر ظلم کرنے والا نہیں ہوگا اور اگر ان پر رحم کرے تو اُن سے اس کی رحمت ان کے اعمال سے زیادہ ہوگی۔ اگر تیرے پاس احد پہاڑ کے برابر سونا ہو یا احد پہاڑ کے برابر وہ ہو جسے تو اللہ کی راہ میں خرچ کرے تو وہ تجھ سے قبول نہ کیا جائے گا یہاں تک کہ تو تقدیر پر ایمان لائے اور تو جان لے جو تجھے پہنچا وہ تجھ سے خطا

77:تخریج :مسلم کتاب الایمان باب بیان الایمان والاسلام 1ترمذی کتاب الایمان باب ما جاء فی وصف جبریل للنبی ﷺ الایمان والاسلام 2610 ابو داؤد کتاب السنة باب فی القدر 4695، 4696، 4699

وَلَا عَلَيْكَ أَنْ تَأْتِيَ أَخِي عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ فَتَسْأَلَهُ فَأَتَيْتُ عَبْدَ اللَّهِ فَسَأَلْتُهُ فَذَكَرَ مِثْلَ مَا قَالَ أُبَيٌّ وَقَالَ لِي وَلَا عَلَيْكَ أَنْ تَأْتِيَ حُذَيْفَةَ فَأَتَيْتُ حُذَيْفَةَ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ مِثْلَ مَا قَالَا وَقَالَ ائْتِ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ فَاسْأَلْهُ فَأَتَيْتُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَوْ أَنَّ اللَّهَ عَذَّبَ أَهْلَ سَمَاوَاتِهِ وَأَهْلَ أَرْضِهِ لَعَذَّبَهُمْ وَهُوَ غَيْرُ ظَالِمٍ لَهُمْ وَلَوْ رَحِمَهُمْ لَكَانَتْ رَحْمَتُهُ خَيْرًا لَهُمْ مِنْ أَعْمَالِهِمْ وَلَوْ كَانَ لَكَ مِثْلُ أُحُدٍ ذَهَبًا أَوْ مِثْلُ جَبَلِ أُحُدٍ ذَهَبًا تُنْفِقُهُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ مَا قَبِلَهُ مِنْكَ حَتَّى تُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ كُلِّهِ فَتَعْلَمَ أَنَّ مَا أَصَابَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَكَ وَمَا أَخْطَأَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيبَكَ وَأَنَّكَ إِنْ مُتَّ عَلَى غَيْرِ هَذَا دَخَلْتَ النَّارَ

جانے والا نہیں تھا اور جو تجھے نہیں پہنچا وہ تجھے پہنچنے والا نہیں تھا اور اگر تو اسکے علاوہ کسی اور (عقیدے) پر مرے تو جہنم میں داخل ہوگا اور تجھ پر کوئی حرج نہیں اگر تو میرے بھائی عبداللہ بن مسعودؓ کے پاس جائے اور ان سے پوچھے۔ تو میں حضرت عبداللہؓ کے پاس آیا اور ان سے پوچھا انہوں نے وہی کہا جو حضرت اُبیؓ نے کہا تھا اور مجھے یہ بھی کہا تجھ پر کوئی حرج نہیں اگر تو حذیفہؓ کے پاس جائے۔ میں حضرت حذیفہؓ کے پاس آیا اور میں نے ان سے پوچھا۔ انہوں نے بھی وہی کہا جو ان دونوں نے کہا تھا اور کہا حضرت زید بن ثابتؓ کے پاس جاؤ اور ان سے پوچھو۔ پس میں حضرت زیدؓ بن ثابت کے پاس آیا اور میں نے ان سے پوچھا؟ انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اگر اللہ اپنے آسمانوں والوں اور اپنی زمین والوں کو عذاب دے تو وہ اُن کو عذاب دے گا مگر وہ ان پر ظلم کرنے والا نہیں ہوگا اور اگر وہ رحم کرے تو اس کی رحمت ان کے اعمال سے زیادہ ہے۔ اگر تیرے پاس احد کے برابر سونا ہو، یا فرمایا احد پہاڑ کے برابر سونا ہو جسے تم اللہ کے راستے میں خرچ کرو تو وہ اس کو تم سے قبول نہیں کرے گا جب تک تم ساری تقدیر پر ایمان نہ لاؤ اور تم جان لو کہ جو تمہیں پہنچا وہ تم سے خطا جانے والا نہیں تھا اور جو تجھے نہیں پہنچا وہ تمہیں پہنچنے والا نہیں تھا

اور اگر تو اس کے علاوہ کسی اور (عقیدے) پر مرے تو جہنم میں داخل ہوگا۔

78: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ وَوَكِيعٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِيَدِهِ عُودٌ فَنَكَتَ فِي الْأَرْضِ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَقَدْ كُتِبَ مَقْعَدُهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَمَقْعَدُهُ مِنَ النَّارِ قِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَفَلَا نَتَّكِلُ قَالَ لَا اعْمَلُوا وَلَا تَتَّكِلُوا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ ثُمَّ قَرَأَ فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَى وَأَمَّا

78: حضرت علیؓ نے بیان فرمایا کہ ہم نبی ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور آپؐ کے ہاتھ میں ایک چھڑی تھی جس سے آپؐ نے زمین پر نشان لگایا۔ پھر آپؐ نے اپنا سر اٹھایا اور فرمایا تم میں سے کوئی بھی ایسا نہیں ہے جس کی جگہ جنت یا جہنم میں نہ لکھ دی گئی ہو۔ کہا گیا یا رسولؐ اللہ! کیوں نہ ہم اسی پر بھروسہ کرلیں ۔ حضور ﷺ نے فرمایا عمل کرو ، (محض) بھروسہ نہ کرو، ہر ایک کے لئے وہ میسر ہے جس کے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے۔☆ پھر آپؐ نے قرآن مجید کی آیات پڑھیں فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَى وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنَى وَكَذَّبَ بِالْحُسْنَى فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرَى (ترجمہ) پس وہ جس نے

78:اطراف : **ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب فی القدر 91 كتاب الكفارات باب الاقتصاد فی طلب المعيشة 2142
تخريج : **بخاری** كتاب الجنائز باب موعظة المحدث عند القبر وقعود اصحابه حوله 1362 كتاب تفسير القرآن باب قوله وصدق بالحسنى 4945 باب فسنيسره لليسرى 4946 باب واما من بخل واستغنى 4947 باب وقوله وكذب بالحسنى 4948باب فسنيسره للعسرى 4949 كتاب النكاح باب مايكره من التبتل والخصاء 5076 كتاب الادب باب الرجل ينكت الشيء بيده فی الارض 6217 كتاب القدر باب جف القلم على علم الله 6596 كتاب القدر باب وكان امر الله قدرا مقدورا 6605 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ ولقد يسرنا القرآن للذكر فهل من مدكر 7551، 7552 **مسلم** كتاب القدر باب كيفية خلق الآدمی فی بطن امه وكتابة رزقه واجله 4772، 4773، 4774، 4775 **ترمذی** كتاب القدر باب ما جاء فی الشقاء والسعادة 2135، 2136 باب ما جاء فی الرضاء بالقضاء 2156 كتاب الايمان عن رسول الله باب ما جاء فی افتراق هذه الامة 2642 كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة هود 3111 باب ومن سورة والليل اذا يغشى 3344كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة والليل اذا يغشى 3344 **نسائی** كتاب النكاح باب النهی عن التبتل 3215 **ابوداؤد** كتاب السنة باب فی القدر 4694، 4709

☆ آیت قرآنیہ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّکَ وَلِذٰلِکَ خَلَقَھُمْ (سورۃ ھود:120) (ترجمہ: سوائے اس کے جس پر تیرا رب رحم کرے اور اس مقصد کے لئے اس نے ان کو پیدا کیا ہے۔) سے واضح ہے کہ انسان کی تخلیق رحمت کے لئے ہی ہے۔

مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنَى وَكَذَّبَ بِالْحُسْنَى فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرَى

(راہ حق میں) دیا اور تقویٰ اختیار کیا اور بہترین نیکی کی تصدیق کی، تو ہم اسے ضرور کشادگی عطا کریں گے اور جہاں تک اس کا تعلق ہے جس نے بخل کیا اور بے پروائی کی اور بہترین نیکی کی تکذیب کی تو ہم اسے ضرور تنگی میں ڈال دیں گے۔ ☆

79:حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّنَافِسِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤْمِنُ الْقَوِيُّ خَيْرٌ وَأَحَبُّ إِلَى اللَّهِ مِنَ الْمُؤْمِنِ الضَّعِيفِ وَفِي كُلٍّ خَيْرٌ احْرِصْ عَلَى مَا يَنْفَعُكَ وَاسْتَعِنْ بِاللَّهِ وَلَا تَعْجَزْ فَإِنْ أَصَابَكَ شَيْءٌ فَلَا تَقُلْ لَوْ أَنِّي فَعَلْتُ كَذَا وَكَذَا وَلَكِنْ قُلْ قَدَّرَ اللَّهُ وَمَا شَاءَ فَعَلَ فَإِنَّ لَوْ تَفْتَحُ عَمَلَ الشَّيْطَانِ

79: حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ طاقتور مومن اللہ کے نزدیک کمزور مومن سے زیادہ بہتر اور زیادہ محبوب ہے اور ہر ایک (مومن) میں بھلائی ہے۔ اس کی خواہش کر جو تمہیں نفع دے اور اللہ سے مدد مانگ اور ماندہ نہ ہو۔ اگر تمہیں کوئی تکلیف پہنچے تو یہ نہ کہہ کہ کاش میں نے ایسا ایسا کیا ہوتا بلکہ کہہ اللہ نے مقدر کیا اور جو چاہا کیا۔ کیونکہ ”لَوْ“ (کاش) شیطان کے کام کے لئے (دروازہ) کھول دیتا ہے۔

80:حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ وَيَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ

80: حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے فرمایا حضرت آدم اور حضرت موسیٰ میں

☆ **سُورَةُ اللَّيْل 6 تا 11**

79: اطراف : ابن ماجه كتاب الزهد باب التوكل واليقين 4168

تخريج : مسلم كتاب القدر باب في الامر بالقوة وترک العجز والاستعانة بالله 4802

80: تخريج : بخاری كتاب احاديث الانبياء باب وفات موسى و ذِكرِهِ بَعدُ 3409 كتاب التفسير باب قوله واصطنعتک لنفسی 4736 كتاب التفسير باب قوله فلا يخرجنكما من الجنة فتشقى 4738 كتاب القدر باب تحاج آدم و موسى عند الله 6614 كتاب التوحيد باب ماجاء فی قوله عزّ وجلّ وكلّم اللّه موسىٰ تكليما 7515 **مسلم** كتاب القدر باب حجاج آدم و موسى عليه السلام 4779، 4780، 4781، 4782 **ترمذی** كتاب القدر باب ما جاء فی حجاج آدم و موسى عليهما السلام 2134 **ابو داؤد** كتاب السنة باب فی القدر 4701، 4702

عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ سَمِعَ طَاوُسًا يَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يُخْبِرُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ احْتَجَّ آدَمُ وَمُوسَى فَقَالَ لَهُ مُوسَى يَا آدَمُ أَنْتَ أَبُونَا خَيَّبْتَنَا وَأَخْرَجْتَنَا مِنَ الْجَنَّةِ بِذَنْبِكَ فَقَالَ لَهُ آدَمُ يَا مُوسَى اصْطَفَاكَ اللَّهُ بِكَلَامِهِ وَخَطَّ لَكَ التَّوْرَاةَ بِيَدِهِ أَتَلُومُنِي عَلَى أَمْرٍ قَدَّرَهُ اللَّهُ عَلَيَّ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَنِي بِأَرْبَعِينَ سَنَةً فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى ثَلَاثًا

بحث ہوئی۔حضرت موسیٰؑ نے اُن سے کہا اے آدمؑ! آپؑ ہمارے باپ ہیں۔آپؑ نے ہمیں محروم کردیا اور اپنے گناہ کی وجہ سے ہمیں جنت سے نکلوایا۔آدمؑ نے اُن سے کہا اے موسیٰؑ! اللہ نے آپؑ کو اپنے کلام کے لئے چن لیا اور آپ کے لئے اپنے ہاتھ سے تورات لکھی۔کیا آپ مجھے اس بات کی وجہ سے ملامت کرتے ہیں جو اللہ نے مجھے پیدا کرنے سے چالیس سال پہلے مقدر کردی تھی۔پس آدمؑ موسیٰؑ پر غالب آگئے۔آدمؑ موسیٰؑ پر غالب آگئے آدمؑ موسیٰؑ پر غالب آگئے۔تین دفعہ۔

81:حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَامِرِ بْنِ زُرَارَةَ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ رِبْعِيٍّ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتَّى يُؤْمِنَ بِأَرْبَعٍ بِاللَّهِ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللَّهِ وَبِالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْقَدَرِ

81: حضرت علیؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک بندہ اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک کہ چار باتوں پر ایمان نہ لائے یہ کہ اللہ واحد ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور یہ کہ میں اللہ کا رسول ہوں اور موت کے بعد جی اُٹھنے اور تقدیر پر۔

82:حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ عَمَّتِهِ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ قَالَتْ دُعِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

82: ام المومنین حضرت عائشہؓ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کو انصار کے ایک بچہ کے جنازے کے لئے بلایا گیا۔میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! قابل رشک ہے! جنت کی چڑیوں میں سے ایک چڑیا ہے۔اس نے کوئی برا عمل نہیں کیا اور نہ اس عمل کو

81:تخریج:ترمذی كتاب القدر عن رسول الله باب ما جاء في الايمان بالقدر خيره وشره 2144، 2145

82:تخریج :مسلم كتاب القدر باب معنى كل مولود يولد على الفطرة ....4798،4799

نسائی كتاب الجنائز الصلاة على الصبيان 1947 **ابو داؤد** كتاب السنة باب في ذراري المشركين 4713

وَسَلَّمَ إِلَى جِنَازَةِ غُلَامٍ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ طُوبَى لِهَذَا عُصْفُورٌ مِنْ عَصَافِيرِ الْجَنَّةِ لَمْ يَعْمَلِ السُّوءَ وَلَمْ يُدْرِكْهُ قَالَ أَوَ غَيْرُ ذَلِكَ يَا عَائِشَةُ إِنَّ اللَّهَ خَلَقَ لِلْجَنَّةِ أَهْلًا خَلَقَهُمْ لَهَا وَهُمْ فِي أَصْلَابِ آبَائِهِمْ وَخَلَقَ لِلنَّارِ أَهْلًا خَلَقَهُمْ لَهَا وَهُمْ فِي أَصْلَابِ آبَائِهِمْ

پہنچا۔آپؐ نے فرمایا اے عائشہ! یا کچھ اور؟ یقیناً اللہ نے جنت کے اہل پیدا کئے ہیں۔اس نے ان کو اس کے لئے پیدا کیا اور وہ (اہل) اپنے باپ دادا کی پشتوں میں تھے اور جہنم کے لئے اہل پیدا کئے ہیں اور ان کو اس کے لئے پیدا کیا جب کہ وہ اپنے باپ دادا کی پشتوں میں تھے۔

83: حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ زِيَادِ بْنِ إِسْمَعِيلَ الْمَخْزُومِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ مُشْرِكُو قُرَيْشٍ يُخَاصِمُونَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقَدَرِ فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ يَوْمَ يُسْحَبُونَ فِي النَّارِ عَلَى وُجُوهِهِمْ ذُوقُوا مَسَّ سَقَرَ إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ

83: حضرت ابوہریرہؓ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ کے پاس قریش کے مشرکین آئے، وہ آپؐ سے تقدیر کے بارہ میں بحث کرتے تھے تو یہ آیت نازل ہوئی یَوْمَ يُسْحَبُونَ فِي النَّارِ عَلَى وُجُوهِهِمْ ذُوقُوا مَسَّ سَقَرَ إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ☆ (ترجمہ) جس دن وہ آگ میں اپنے چہروں کے بل گھسیٹے جائیں گے دوزخ کا مزا چکھو۔یقیناً ہم نے ہر چیز کو ایک اندازے کے مطابق پیدا کیا۔

84: حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ إِسْمَعِيلَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ مَوْلَى أَبِي بَكْرٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى عَائِشَةَ فَذَكَرَ لَهَا شَيْئًا مِنَ الْقَدَرِ فَقَالَتْ سَمِعْتُ

84: عبداللہ بن ابی ملیکۃ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضرت عائشہؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے تقدیر کے بارہ میں کچھ ذکر کیا تو حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپؐ فرماتے تھے جس نے

83: **تخریج: مسلم** كتاب القدر باب كل شيء بقدر 4786 **ترمذی** كتاب القدر باب ماجاء في الرضاء بالقضاء 2157 كتاب التفسير باب ومن سورة القمر 3290

☆ القمر: 49 تا 50

رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ تَكَلَّمَ فِي شَيْءٍ مِنَ الْقَدَرِ سُئِلَ عَنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمَنْ لَمْ يَتَكَلَّمْ فِيهِ لَمْ يُسْأَلْ عَنْهُ قَالَ أَبُو الْحَسَنِ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَاهُ حَازِمُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ

تقدیر کے بارے میں کچھ کہا قیامت کے دن سے اس کے بارے میں پوچھا جائے گا اور جو اس بارے میں بات نہیں کرے گا اس سے پوچھا نہیں جائے گا۔

85:حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَصْحَابِهِ وَهُمْ يَخْتَصِمُونَ فِي الْقَدَرِ فَكَأَنَّمَا يُفْقَأُ فِي وَجْهِهِ حَبُّ الرُّمَّانِ مِنَ الْغَضَبِ فَقَالَ بِهَذَا أُمِرْتُمْ أَوْ لِهَذَا خُلِقْتُمْ تَضْرِبُونَ الْقُرْآنَ بَعْضَهُ بِبَعْضٍ بِهَذَا هَلَكَتِ الْأُمَمُ قَبْلَكُمْ قَالَ فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو مَا غَبَطْتُ نَفْسِي بِمَجْلِسٍ تَخَلَّفْتُ فِيهِ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا غَبَطْتُ نَفْسِي بِذَلِكَ الْمَجْلِسِ وَتَخَلُّفِي عَنْهُ

85: عمرو بن شعیب اپنے باپ سے اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ اپنے اصحاب کے پاس باہر تشریف لائے اور وہ تقدیر کے بارے میں بحث کر رہے تھے تو آپؐ کا چہرہ مبارک جلال کی وجہ سے انار جو توڑا گیا ہو کے دانوں کی طرح سُرخ ہو گیا اور حضورؐ نے فرمایا کیا تم اس کا حکم دیئے گئے ہو۔ یا تم اس کے لئے پیدا کئے گئے ہو۔ قرآن کے ایک حصے کو دوسرے سے ٹکرا رہے ہو۔ اسی وجہ سے تم سے پہلے امتیں ہلاک ہو گئی تھیں۔ حضرت عبداللہ بن عمروؓ نے فرمایا کہ میں رسول اللہ ﷺ کی جن مجالس میں حاضر نہ ہوا تھا ان سب سے بڑھ کر میں نے تمنا کی اس مجلس میں حاضر نہ ہوتا۔

86:حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ

86: حضرت ابن عمرؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ نہ تو عدویٰ☆ اور نہ ہی

86:اطراف : ابن ماجه كتاب الطب باب من كان يعجبه الفال ويكره الطيرة 3536، 3537، 3538، 3539 ، 3540 ==

☆عدویٰ: یعنی یہ سمجھنا کہ لازمًا کوئی بیماری کسی دوسرے سے ہی لگی ہے اور اس پر اصرار کرنا۔

أَبِي حَيَّةَ أَبُو جَنَابٍ الْكَلْبِيُّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا عَدْوَى وَلَا طِيَرَةَ وَلَا هَامَةَ فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ أَعْرَابِيٌّ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ الْبَعِيرَ يَكُونُ بِهِ الْجَرَبُ فَيُجْرِبُ الْإِبِلَ كُلَّهَا قَالَ ذَلِكُمُ الْقَدَرُ فَمَنْ أَجْرَبَ الْأَوَّلَ

بدشگونی ہے اور نہ ھامہ ہے☆ تو آپؐ کے سامنے ایک بدّو کھڑا ہوا اور اس نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ کا کیا خیال ہے کہ ایک اونٹ کو خارش کی بیماری ہوتی ہے تو تمام اونٹوں کو لگا دیتا ہے۔ آپؐ نے فرمایا یہی تقدیر ہے۔ تو پہلے اونٹ کو کس نے خارش لگائی تھی؟

87: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عِيسَى الْخَزَّازُ عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى بْنِ أَبِي الْمُسَاوِرِ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ لَمَّا قَدِمَ عَدِيُّ ابْنُ حَاتِمٍ الْكُوفَةَ أَتَيْنَاهُ فِي نَفَرٍ مِنْ فُقَهَاءِ أَهْلِ الْكُوفَةِ فَقُلْنَا لَهُ حَدِّثْنَا مَا سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا عَدِيَّ ابْنَ حَاتِمٍ أَسْلِمْ تَسْلَمْ قُلْتُ وَمَا الْإِسْلَامُ فَقَالَ تَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللَّهِ وَتُؤْمِنُ بِالْأَقْدَارِ كُلِّهَا خَيْرِهَا وَشَرِّهَا حُلْوِهَا وَمُرِّهَا

87: شعبی کہتے ہیں کہ جب حضرت عدی بن حاتمؓ کوفہ آئے تو اہل کوفہ کے کچھ عالم لوگوں کے ساتھ ہم ان کے پاس گئے اور کہا کہ آپؓ نے رسول اللہ ﷺ سے جو سنا ہے وہ ہمیں بتائیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نبی ﷺ کے پاس آیا اور حضورؐ نے فرمایا اے عدی بن حاتم! اسلام قبول کر لو سلامت رہو گے۔ میں نے کہا اسلام کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا تم گواہی دو کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور یہ کہ میں اللہ کا رسول ہوں اور تم تمام تقدیروں پر ایمان لاؤ۔ ان کی اچھی، بری، شیریں اور تلخ پر۔

تخریج: بخاری کتاب البیوع باب شراء الابل الھیم اوالاجرب 2099 کتاب الطب باب الجذام 5707 باب لا صفر وھو داء یاخذ البطن 5717 باب الطیرة 5753، 5754 باب الفال5755، 5756 باب لا ھامة 5757 باب لا ھامة 5770، 5771 باب لا عدوی 5772، 5773، 5775، 5776 **مسلم** کتاب السلام/کتاب الطب باب لا عدوی ولا طیرة ولا ھامة 4102، 4103، 4104، 4105، 4106، 4107 باب الطیرة والفال 4108، 4109، 4110، 4111، 4112 **ابوداؤد** کتاب الطب باب فی الطیرة 3911، 3912، 3916 **ترمذی** کتاب الجنائز باب ما جاء فی کراھیة النوح 1001 کتاب السیر عن رسول الله ﷺ باب ما جاء فی الطیرة 1615 کتاب القدر باب ما جاء لا عدوی ولاھامة ولا صفر 2143

☆ ھامہ: جاہلیت کے عربوں میں یہ تصور تھا کہ مقتول جس کا بدلہ نہ لیا گیا ہو اس کی روح کھوپڑی سے نکل کر انتقام طلب کرتی ہے جب تک کہ اس کا انتقام نہ لیا جائے۔

88: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ عَنْ غُنَيْمِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْقَلْبِ مَثَلُ الرِّيشَةِ تُقَلِّبُهَا الرِّيَاحُ بِفَلَاةٍ

88: حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ دل کی حالت پَر کی کی طرح ہے جسے بنجر میدان میں ہوائیں ادھر اُدھر لئے پھرتی ہیں۔

89: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا خَالِي يَعْلَى عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ لِي جَارِيَةً أَعْزِلُ عَنْهَا قَالَ سَيَأْتِيهَا مَا قُدِّرَ لَهَا فَأَتَاهُ بَعْدَ ذَلِكَ فَقَالَ قَدْ حَمَلَتِ الْجَارِيَةُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قُدِّرَ لِنَفْسٍ شَيْءٌ إِلَّا هِيَ كَائِنَةٌ

89: حضرت جابرؓ نے بیان کیا کہ انصارؓ میں سے ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا یا رسولؐ اللہ! میری ایک باندی ہے اور میں اس سے عزل کرتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا اس کو وہی ہوگا جو اس کے لئے مقدر ہے۔ وہ کچھ عرصہ کے بعد رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور کہا کہ باندی حاملہ ہوگئی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا جس نفس کی تقدیر میں جو ہوتا ہے وہی ہو کر رہتا ہے۔

90: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزِيدُ فِي الْعُمْرِ إِلَّا الْبِرُّ وَلَا يَرُدُّ الْقَدَرَ إِلَّا الدُّعَاءُ

90: حضرت ثوبانؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ عمر کو صرف نیکی ہی بڑھاتی ہے اور تقدیر کو صرف دعا ہی ٹال سکتی ہے۔ ایک انسان رزق سے محروم ہوجاتا ہے خطا کی وجہ سے جو وہ کرتا ہے۔

89:اطراف : ابن ماجه كتاب النكاح باب العزل 1926

تخريج :بخاری كتاب العتق باب من ملك من العرب رقيقا 2542 كتاب النكاح باب العزل 5210 كتاب البيوع باب بيع الرقيق 2229 كتاب القدر باب ومن كان امر الله قدرا مقدورا 6603 كتاب المغازى باب غزوة بنى المصطلق من خزاعة 4138 كتاب التوحيد قول الله تعالىٰ هو الله الخالق البارئ المصور 7409 **مسلم** كتاب النكاح باب حكم العزل 2585، 2586، 2587، 2588، 2589، 2590، 2591، 2592، 2593 **ابوداؤد** كتاب النكاح باب ما جاء في العزل 2170، 2171، 2172، 2173 **نسائي** كتاب النكاح باب العزل 3327، 3328

90 :اطراف: ابن ماجه كتاب الفتن باب العقوبات 4022

تخريج : ترمذى كتاب القدر باب ما جاء لا يرد القدر الا الدعاء 2139

وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيُحْرَمُ الرِّزْقَ بِخَطِيئَةٍ يَعْمَلُهَا

91: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ الْخَفَّافُ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ جُعْشُمٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ الْعَمَلُ فِيمَا جَفَّ بِهِ الْقَلَمُ وَجَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ أَمْ فِي أَمْرٍ مُسْتَقْبَلٍ قَالَ بَلْ فِيمَا جَفَّ بِهِ الْقَلَمُ وَجَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ وَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ

91: حضرت سراقہ بن جُعشم ؓ نے بیان کیا کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! جو عمل کیا جاتا ہے کیا وہ اس لکھے ہوئے کے مطابق ہوتے ہیں جسے قلم لکھ کر خشک ہو گیا اور جس کے بارے میں تقدیریں جاری ہو چکی ہیں یا وہ لکھا ہوا ایسے امر کے متعلق ہے جو مستقبل میں ہونے والا ہے؟ حضور ؐ نے فرمایا بلکہ اس کے مطابق ہے جسے قلم لکھ کر خشک ہوا اور اس پر تقدیریں جاری ہو گئیں اور ہر ایک کے لئے وہ میسر ہے جس کے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے۔

92: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفَّى الْحِمْصِيُّ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مَجُوسَ هَذِهِ الْأُمَّةِ الْمُكَذِّبُونَ

92: حضرت جابر بن عبد اللہ ؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اس امت کے مجوسی وہ لوگ ہیں جو اللہ کی تقدیروں کو جھٹلاتے ہیں۔ اگر وہ بیمار ہو جائیں تو ان کی عیادت نہ کرو۔ اگر وہ مرجائیں تو ان کے جنازے میں حاضر نہ ہو۔ اگر تمہاری ان

91 : اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فى القدر 78 كتاب الكفارات باب الاقتصاد فى طلب المعيشة 2142
تخريج : بخارى كتاب الجنائز باب موعظة المحدث عند القبر وقعود اصحابه حوله 1362 كتاب تفسير القرآن باب قوله وصدق بالحسنى 4945 باب فسنيسره لليسرى 4946 باب واما من بخل واستغنى 4947 باب وقوله وكذب بالحسنى 4948 باب فسنيسره للعسرى 4949 كتاب النكاح باب مايكره من التبتل والخصاء 5076 كتاب الادب باب الرجل ينكت الشيء بيده فى الارض 6217 كتاب القدر باب جف القلم على علم الله 6596 كتاب القدرباب وكان امر الله قدرا مقدورا 6605 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ ولقد يسرنا القرآن للذكر فهل من مدكر 7551، 7552 **مسلم** كتاب القدر باب كيفية خلق الآدمى فى بطن امه وكتابة رزقه واجله 4772، 4773، 4774، 4775 **ترمذى** كتاب القدر باب ما جاء فى الشقاء والسعادة 2135، 2136 باب ما جاء فى الرضاء بالقضاء 2156 كتا ب الايمان عن رسول الله باب ما جاء فى افتراق هذه الامة 2642 كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة هود 3111 باب ومن سورة والليل اذا يغشى 3344 كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة والليل اذا يغشى 3344 **نسائى** كتاب النكاح باب النهى عن التبتل 3215 **ابو داؤد** كتاب السنة باب فى القدر 4694، 4709

92: تخريج : ترمذى كتاب القدر باب ما جاء فى القدرية 2149 **ابو داؤد** كتاب السنة باب فى القدر 4691، 4692

بِأَقْدَارِ اللَّهِ إِنْ مَرِضُوا فَلَا تَعُودُوهُمْ وَإِنْ مَاتُوا فَلَا تَشْهَدُوهُمْ وَإِنْ لَقِيتُمُوهُمْ فَلَا تُسَلِّمُوا عَلَيْهِمْ

سے ملاقات ہو تو ان کو سلام نہ کرو[1]۔

11: بَاب: فِي فَضَائِلِ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

فَضْلُ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

باب: رسول اللہ ﷺ کے صحابہؓ کے فضائل

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی فضیلت

93: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا إِنِّي أَبْرَأُ إِلَى كُلِّ خَلِيلٍ مِنْ خِلِّهِ وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ خَلِيلًا إِنَّ صَاحِبَكُمْ خَلِيلُ اللَّهِ قَالَ وَكِيعٌ يَعْنِي نَفْسَهُ

93: حضرت عبداللہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سنو! میں کسی بھی خلیل کی دوستی سے براءت کا اظہار کرتا ہوں۔ اگر میں کسی کو خلیل بناتا تو ابوبکرؓ کو بناتا۔ یقیناً تمہارا صاحب اللہ کا خلیل ہے۔ وکیع کہتے ہیں کہ آپ ﷺ کی مُراد اپنے آپ سے تھی[2]۔

1:۔امام بوصیری کہتے ہیں کہ هٰذَا اسناد ضعیف۔ یہ سند ضعیف ہے۔ یہ روایت ابوداؤد میں ہے اور اس کے بارہ میں ابوداؤد کی معروف شرح عون المعبود میں لکھا ہے۔ قَالَ الْمُنْذَری هٰذا منقطع ابو حازم سلمة بن دینار لم یسمع من ابن عمر وقد روی هٰذا الحَدیْث من طرق عن ابن عمر لیس منها شيء یثبت انتهٰی۔ وقال السیوطی فی مرقاة الصعود: هٰذا أحد الاحادیث التی انتقدها الحافظ سراج الدین القزوینی علی المصابیح و زعم انه موضوع سیوطی نے مرقاۃ الصعود میں لکھا ہے کہ یہ ان احادیث میں سے ایک ہے جن کی حافظ سراج الدین قزوینی نے تنقید کی ہے اور انہوں نے کہا کہ یہ روایت وضعی ہے۔ (عون المعبود شرح ابی داؤد کتاب السنۃ باب فی القدر)

93: اطراف: ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فی فضل ابی بکر الصدیقؓ 94

تخریج: بخاری کتاب الصلاة باب الخوخة والممّر فی المسجد 466، 467 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب قول النبی ﷺ سُدُّو الابواب الا باب ابی بکر 3654 کتاب مناقب الانصار باب هجرة النبی ﷺ واصحابه الی المدینة 3904 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب قول النبی ﷺ لو کنت متخذا خلیلا 3656، 3657، 3658 کتاب الفرائض باب میراث الجَدِّمَعَ الاَبِ وَالِاخْوَة 6738 مسلم کتاب المساجد ومواضع الصلاة باب النهی عن بناء المسجد علی القبور 819 کتاب فضائل الصحابةؓ باب من فضائل ابی بکر الصدیقؓ 4376، 4377، 4378، 4379، 4380، 4381 ترمذی کتاب المناقب باب مناقب ابی بکر 3655، 3659، 3660، 3661

2:۔مراد یہ ہے کہ میرا اللہ کے سوا کوئی خلیل نہیں۔

94:حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا نَفَعَنِي مَالٌ قَطُّ مَا نَفَعَنِي مَالُ أَبِي بَكْرٍ قَالَ فَبَكَى أَبُو بَكْرٍ وَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ هَلْ أَنَا وَمَالِي إِلَّا لَكَ

94: حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے کبھی کسی مال نے اس قدر نفع نہیں دیا جتنا ابوبکرؓ کے مال نے مجھے نفع دیا تو ابوبکرؓ رو پڑے اور کہنے لگے یا رسولؐ اللہ! میں اور میرا مال آپؐ کے ہی ہیں۔

95:حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُمَارَةَ عَنْ فِرَاسٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ سَيِّدَا كُهُولِ أَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ إِلَّا النَّبِيِّينَ وَالْمُرْسَلِينَ لَا تُخْبِرْهُمَا يَا عَلِيُّ مَا دَامَا حَيَّيْنِ

95: حضرت علیؓ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ابوبکرؓ اور عمرؓ دونوں انبیاء اور مرسلین کے علاوہ اوّلین و آخرین کے جنتیوں کے مضبوط جوانوں کے سردار ہیں۔ اے علیؓ! ان دونوں کو اس وقت تک نہ بتانا جب تک وہ دونوں زندہ ہیں۔

96:حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ وَعَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ

96: حضرت ابوسعید خدریؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت میں بلند درجات والوں کو، وہ لوگ جو اُن سے نیچے ہوں گے، ان کو

94:اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فی فضل ابی بکر الصدیقؓ 93
تخریج :بخاری کتاب الصلاة باب الخوخة والممّر فی المسجد 466، 467 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب قول النبی ﷺ سُدُّو الابواب الا باب ابی بکر 3654 کتاب مناقب الانصار باب هجرة النبی ﷺ واصحابه الی المدینة 3904 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب قول النبی ﷺ لو کنت متخذا خلیلا 3656، 3657، 3658 کتاب الفرائض باب میراث الجَدِّمَعَ الاَبِ وَالِاخْوَة 6738 **مسلم** کتاب المساجد ومواضع الصلاة باب النهی عن بناء المسجد علی القبور 819 کتاب فضائل الصحابةؓ باب من فضائل ابی بکر الصدیقؓ 4376،4377، 4378،4379، 4380، 4381 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب ابی بکر 3655، 3659، 3660، 3661
95:اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضل ابی بکر الصدیق 100
تخریج :ترمذی کتاب المناقب عن رسول الله باب فی مناقب ابی بکر وعمر کلیهما 3664، 3665، 3666
96:تخریج :ترمذی کتاب المناقب باب مناقب ابی بکر 3658 **ابو داؤد** کتاب الحروف والقراءات 3987

قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَهْلَ الدَّرَجَاتِ الْعُلَى يَرَاهُمْ مَنْ أَسْفَلَ مِنْهُمْ كَمَا يُرَى الْكَوْكَبُ الطَّالِعُ فِي الْأُفُقِ مِنْ آفَاقِ السَّمَاءِ وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ مِنْهُمْ وَأَنْعَمَا

ایسے دیکھیں گے جیسے طلوع ہونے والا ستارہ آسمان کے آفاق میں سے ایک افق میں دکھائی دیتا ہے۔ ابوبکرؓ اور عمرؓ انہی میں سے ہیں اور وہ دونوں افضل ہیں۔

97: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلٌ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ مَوْلًى لِرِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَا أَدْرِي مَا قَدْرُ بَقَائِي فِيكُمْ فَاقْتَدُوا بِاللَّذَيْنِ مِنْ بَعْدِي وَأَشَارَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ

97: حضرت حذیفہ بن یمانؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں نہیں جانتا کہ میرے لئے تم میں باقی رہنا کب تک ہے۔ پس تم پیروی کرو اُن کی جو میرے بعد ہیں اور آپؐ کا اشارہ ابوبکرؓ اور عمرؓ کی طرف تھا۔

98: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي حُسَيْنٍ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ لَمَّا وُضِعَ عُمَرُ عَلَى سَرِيرِهِ اكْتَنَفَهُ النَّاسُ يَدْعُونَ وَيُصَلُّونَ أَوْ قَالَ يُثْنُونَ وَيُصَلُّونَ عَلَيْهِ قَبْلَ أَنْ يُرْفَعَ وَأَنَا فِيهِمْ فَلَمْ يَرُعْنِي إِلَّا رَجُلٌ قَدْ

98: حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت عمرؓ کو (وفات کے بعد) چارپائی پر رکھا گیا اور قبل اس کے کہ ان کا جنازہ اُٹھایا جائے لوگ ان کے گرد اکٹھے تھے اور دعا کر رہے تھے اور درود پڑھ رہے تھے یا کہا کہ (ان کی) تعریف کر رہے تھے اور ان پر درود پڑھ رہے تھے اور میں (ابن عباسؓ) بھی ان لوگوں میں تھا۔ اچانک ایک شخص نے مجھے چونکا

97: تخریج :ترمذی کتاب المناقب عن رسول الله باب فی مناقب ابی بکر وعمر کلیهما 3662، 3663 باب مناقب عمار بن یاسرؓ 3799

98:تخریج :بخاری کتاب فضائل اصحاب النبیﷺ باب قول النبیﷺ لو کنت متخذا خلیلا 3677 باب مناقب عمرؓ 3685 **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عمرؓ 4388 **ترمذی** کتاب المناقب باب فی مناقب عمر بن الخطابؓ 3695

زَحَمَنِي وَأَخَذَ بِمَنْكِبِي فَالْتَفَتُّ فَإِذَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِب فَتَرَحَّمَ عَلَى عُمَرَ ثُمَّ قَالَ مَا خَلَّفْت أَحَدًا أَحَبَّ إِلَيَّ أَنْ أَلْقَى اللَّهَ بِمِثْلِ عَمَلِهِ مِنْكَ وَايْمُ اللَّهِ إِنْ كُنْتُ لَأَظُنُّ لَيَجْعَلَنَّكَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ مَعَ صَاحِبَيْكَ وَذَلِكَ أَنِّي كُنْتُ أَكْثَرُ أَنْ أَسْمَعَ رَسُول اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ ذَهَبْتُ أَنَا وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَدَخَلْتُ أَنَا وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَخَرَجْتُ أَنَا وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ فَكُنْتُ أَظُنُّ لَيَجْعَلَنَّكَ اللَّهُ مَعَ صَاحِبَيْكَ

دیا اور بھیڑ میں آ کر مجھے آ گا میرے کندھے کو پکڑا اور جب میں نے مڑ کر دیکھا تو وہ حضرت علی بن ابی طالبؓ تھے انہوں نے حضرت عمرؓ پر رحمت کی دعا کی پھر کہا آپؓ نے کوئی ایسا شخص اپنے پیچھے نہیں چھوڑا☆ جس کے اعمال آپ کی نسبت ایسے ہوں کہ اسکے اعمال پر مجھے اللہ سے ملنا پسند ہو۔ بخدا مجھے یقین تھا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کے دونوں ساتھیوں کے ساتھ کر دے گا اور یہ اس وجہ سے ہے کہ میں اکثر رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کرتا تھا کہ میں اور ابوبکرؓ اور عمرؓ گئے، میں اور ابوبکرؓ اور عمرؓ داخل ہوئے اور میں ابوبکرؓ اور عمرؓ نکلے۔ مجھے یقین تھا کہ اللہ تعالیٰ آپؓ کو آپؓ کے دونوں ساتھیوں کے ساتھ کر دے گا۔

99: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ الرَّقِّيُّ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ إِسْمَعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ فَقَالَ هَكَذَا نُبْعَثُ

99: حضرت ابن عمرؓ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ کے درمیان تشریف لائے اور فرمانے لگے کہ ہم اسی طرح اٹھائے جائیں گے۔

100: حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ صَالِحُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ بَكْرِ بْنِ

100: حضرت ابو جُحَیفہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ابوبکرؓ اور عمرؓ جنت میں

☆ بعض نسخوں میں خَلَّفْتُ کی بجائے خَلَّفْتَ ہے جو زیادہ صحیح معلوم ہوتا ہے اور ترجمہ اس کے مطابق ہے۔ (سنن ابن ماجہ مترجم مکتبہ دارالسلام سعودی عرب ریاض سن اشاعت 1428ھ روایت نمبر 98 صفحہ 166۔ نیز سنن ابن ماجہ کتاب مقدمۃ المؤلف باب فی فضائل اصحاب رسول اللہ ﷺ فضل ابی بکر الصدیقؓ روایت نمبر 98 صفحہ 195 مکتبہ رحمانیہ لاہور)

99:تخریج :ترمذی کتاب المناقب عن رسول الله باب فی مناقب ابی بکر وعمر کلیهما 3669

100:اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضل ابی بکر الصدیق 95

تخریج :ترمذی کتاب المناقب باب فی مناقب ابی بکرؓ وعمرؓ 3664، 3665، 3666

خُنَيْسٍ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ سَيِّدَا كُهُولِ أَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ إِلَّا النَّبِيِّينَ وَالْمُرْسَلِينَ

اگلے اور پچھلے مضبوط جوانوں کے سردار ہوں گے سوائے انبیاء اور مرسلین کے۔

101: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ وَالْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَرْوَزِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَيُّ النَّاسِ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ عَائِشَةُ قِيلَ مِنَ الرِّجَالِ قَالَ أَبُوهَا

101: حضرت انس بن مالکؓ نے بیان کیا کہ عرض کیا گیا یا رسول اللہ ﷺ! لوگوں میں سے کون آپؐ کو سب سے زیادہ محبوب ہے؟ فرمایا عائشہؓ۔ عرض کیا گیا مردوں میں سے کون؟ فرمایا اس کے ابا۔

فَضْلُ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی فضیلت

102: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ أَخْبَرَنِي الْجُرَيْرِيُّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ قُلْتُ لِعَائِشَةَ أَيُّ أَصْحَابِهِ كَانَ أَحَبَّ إِلَيْهِ قَالَتْ أَبُو بَكْرٍ قُلْتُ ثُمَّ أَيُّهُمْ قَالَتْ عُمَرُ قُلْتُ ثُمَّ أَيُّهُمْ قَالَتْ أَبُو عُبَيْدَةَ

102: عبداللہ بن شقیق نے بیان کیا کہ میں نے حضرت عائشہؓ سے کہا کہ آپؐ کے صحابہؓ میں سے کون رسول اللہ ﷺ کو زیادہ محبوب تھے۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا ابوبکرؓ۔ میں نے پوچھا پھر کون تو فرمایا عمرؓ۔ میں نے پوچھا پھر کون تو فرمایا ابوعبیدہؓ۔

101:**اطراف** : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضل عمر رضى الله عنه102

تخریج :**بخاری** كتاب المغازى باب غزوة السلاسل 4358 كتاب فضائل اصحاب النبى ﷺ باب قول النبى ﷺ لو كنت متخذا خليلا 3662 **ترمذی** كتاب المناقب باب مناقب ابى بكر الصديقؓ 3657 كتاب المناقب باب من فضل عائشةؓ 3885، 3886 ، 3890 **ابو داؤد** كتاب السنة باب فى التفضيل 4629

102:**اطراف** : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضل ابى بكر الصديق 101

تخریج :**بخاری** كتاب المغازى باب غزوة السلاسل 4358 كتاب فضائل اصحاب النبى ﷺ باب قول النبى ﷺ لو كنت متخذا خليلا 3662 **ترمذی** كتاب المناقب باب مناقب ابى بكر الصديقؓ 3657 عن رسول الله باب من فضل عائشة 3885، 3886 ، 3890 **ابو داؤد** كتاب السنة باب فى التفضيل 4629

103: حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّلْحِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ خِرَاشٍ الْحَوْشَبِيُّ عَنِ الْعَوَّامِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ مُجَاهِد عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا أَسْلَمَ عُمَرُ نَزَلَ جِبْرِيلُ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ لَقَدِ اسْتَبْشَرَ أَهْلُ السَّمَاءِ بِإِسْلَامِ عُمَرَ

103: حضرت ابن عباسؓ نے بیان کیا کہ جب حضرت عمرؓ نے اسلام قبول کیا تو جبریل نازل ہوئے اور فرمایا اے محمدؐ! عمرؓ کے اسلام قبول کرنے سے آسمان والے خوش ہوئے۔

104: حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّلْحِيُّ أَنْبَأَنَا دَاوُدُ بْنُ عَطَاءٍ الْمَدِينِيُّ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيد بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوَّلُ مَنْ يُصَافِحُهُ الْحَقُّ عُمَرُ وَأَوَّلُ مَنْ يُسَلِّمُ عَلَيْهِ وَأَوَّلُ مَنْ يَأْخُذُ بِيَدِهِ فَيُدْخِلُهُ الْجَنَّةَ

104: حضرت ابی بن کعبؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا پہلا شخص جس سے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن مصافحہ کرے گا اور پہلا شخص جسے وہ سلام کرے گا اور پہلا شخص جس کا ہاتھ پکڑے گا اور اسے جنت میں داخل کرے گا، عمرؓ ہیں۔

105: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ أَبُو عُبَيْدٍ الْمَدِينِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْمَاجِشُونِ قَالَ حَدَّثَنِي الزَّنْجِيُّ بْنُ خَالِدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ أَعِزَّ الْإِسْلَامَ بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ خَاصَّةً

105: حضرت عائشہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے اللہ! خاص طور پر عمرؓ بن خطاب کے ذریعہ اسلام کو عزت عطا فرما۔

105: تخریج: بخاری کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب عمر بن خطاب 3684 کتاب مناقب الانصار 3863 ترمذی کتاب المناقب باب فی مناقب عمر بن خطابؓ 3681، 3683

106:حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَلَمَةَ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُولُ خَيْرُ النَّاسِ بَعْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبُو بَكْرٍ وَخَيْرُ النَّاسِ بَعْدَ أَبِي بَكْرٍ عُمَرُ

106: عبداللہ بن سلمہ نے بیان کیا کہ میں نے حضرت علیؓ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد لوگوں میں سے سب سے بہتر حضرت ابوبکرؓ ہیں اور حضرت ابوبکرؓ کے بعد لوگوں میں سے سب سے بہتر حضرت عمرؓ ہیں۔

107:حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ الْمِصْرِيُّ أَنْبَأَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُنِي فِي الْجَنَّةِ فَإِذَا أَنَا بِامْرَأَةٍ تَتَوَضَّأُ إِلَى جَانِبِ قَصْرٍ فَقُلْتُ لِمَنْ هَذَا الْقَصْرُ فَقَالَتْ لِعُمَرَ فَذَكَرْتُ غَيْرَتَهُ فَوَلَّيْتُ مُدْبِرًا قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ فَبَكَى عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ أَعَلَيْكَ بِأَبِي وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللَّهِ أَغَارُ

107: حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے کہ آپؐ نے فرمایا اس دوران کہ میں سویا ہوا تھا میں نے اپنے آپؐ کو جنت میں دیکھا اور میں نے ایک عورت کو دیکھا جو محل کے ایک طرف وضو کر رہی تھی۔ میں نے پوچھا کہ یہ محل کس کا ہے؟ اس نے کہا کہ عمرؓ کا۔ مجھے عمرؓ کی غیرت یاد آئی اور میں واپس آ گیا۔ حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ اس پر حضرت عمرؓ بن خطاب رو پڑے اور عرض کیا یارسولؐ اللہ! میرے ماں اور باپ آپؐ پر قربان۔ کیا میں آپؐ سے غیرت کروں گا؟

106:تخریج :بخاری کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ لو کنت متخذا خلیلا 3671ترمذی کتاب المناقب باب فی مناقب عمر بن الخطابؓ 3684 ابوداؤد کتاب السنة باب فی التفضیل 4629

107: تخریج :بخاری کتاب بدء الخلق باب ما جاء فی صفة الجنة 3242 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب عمرؓ بن الخطاب 3679 ، 3680 کتاب النکاح باب الغیرة 5226 ، 5227 کتاب التعبیر باب القصر فی المنام 7023 ، 7024 باب الوضوء فی المنام 7025 مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فضائل عمرؓ بن خطاب 4394 ، 4395 ترمذی کتاب المناقب باب فی مناقب عمرؓ بن خطاب 3688 ، 3689

108:حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَقَ عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ غُضَيْفِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللَّهَ وَضَعَ الْحَقَّ عَلَى لِسَانِ عُمَرَ يَقُولُ بِهِ

108: حضرت ابوذرؓ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا اللہ تعالیٰ نے حق کو عمرؓ کی زبان پر رکھ دیا ہے اور وہ حق ہی کہتے ہیں۔

فَضْلُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی فضیلت

109:حَدَّثَنَا أَبُو مَرْوَانَ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعُثْمَانِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي عُثْمَانُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ أَبِيهِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِكُلِّ نَبِيٍّ رَفِيقٌ فِي الْجَنَّةِ وَرَفِيقِي فِيهَا عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ

109: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر نبی کا جنت میں ایک رفیق ہے اور اس میں میرا رفیق عثمان بن عفانؓ ہے۔

110:حَدَّثَنَا أَبُو مَرْوَانَ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعُثْمَانِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي عُثْمَانُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ أَبِيهِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِيَ عُثْمَانَ عِنْدَ بَابِ الْمَسْجِدِ فَقَالَ يَا عُثْمَانُ هَذَا جِبْرِيلُ أَخْبَرَنِي أَنَّ اللَّهَ قَدْ زَوَّجَكَ أُمَّ كُلْثُومٍ بِمِثْلِ صَدَاقِ رُقَيَّةَ عَلَى مِثْلِ صُحْبَتِهَا

110: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ حضرت عثمانؓ سے مسجد کے دروازے پر ملے اور فرمانے لگے کہ عثمان! یہ جبریلؑ ہیں انہوں نے مجھے خبر دی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ام کلثومؓ کا نکاح رقیہؓ جتنے حق مہر پر اور اس سے (آپؓ کے) حسنِ سلوک پر آپؓ کے ساتھ کر دیا ہے۔

108:تخریج :ترمذی کتاب المناقب باب فی مناقب عمر بن الخطابؓ 3682 ابو داؤد کتاب الخراج والامارة والفی باب فی تدوین العطاء 2961، 2962

111:حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ ذَكَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِتْنَةً فَقَرَّبَهَا فَمَرَّ رَجُلٌ مُقَنَّعٌ رَأْسُهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذَا يَوْمَئِذٍ عَلَى الْهُدَى فَوَثَبْتُ فَأَخَذْتُ بِضَبْعَيْ عُثْمَانَ ثُمَّ اسْتَقْبَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ هَذَا قَالَ هَذَا

111: حضرت کعب بن عجرہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک فتنے کا ذکر فرمایا اور اسے قریب بتایا تو ایک شخص گزرا، جس نے سر ڈھانپا ہوا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ یہ شخص اس دن ہدایت پر ہوگا، میں نے چھلانگ لگائی اور میں نے حضرت عثمانؓ کو ان کے دونوں بازوؤں سے پکڑا۔ پھر میں نے رسول اللہ ﷺ کی طرف رُخ کیا اور عرض کیا کیا یہ؟ حضورؐ نے فرمایا ''یہی''۔

112:حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا الْفَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ الدِّمَشْقِيِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عُثْمَانُ إِنْ وَلَّاكَ اللَّهُ هَذَا الْأَمْرَ يَوْمًا فَأَرَادَكَ الْمُنَافِقُونَ أَنْ تَخْلَعَ قَمِيصَكَ الَّذِي قَمَّصَكَ اللَّهُ فَلَا تَخْلَعْهُ يَقُولُ ذَلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَ النُّعْمَانُ فَقُلْتُ لِعَائِشَةَ مَا مَنَعَكِ أَنْ تُعْلِمِي النَّاسَ بِهَذَا قَالَتْ أُنْسِيتُهُ

112: حضرت نعمان بن بشیرؓ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہؓ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے عثمانؓ! اگر اللہ تعالیٰ کسی دن یہ امر آپؓ کے سپرد کرے اور منافق آپؓ سے چاہیں کہ آپؓ اپنی قمیص کو جو اللہ نے آپؓ کو پہنائی ہے اتار دیں تو آپؓ اسے نہ اتاریں۔ آپؐ نے یہ تین دفعہ فرمایا۔ (راوی) نعمانؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہؓ سے عرض کیا کہ آپؓ کو کس بات نے منع کیا تھا کہ آپؓ لوگوں کو اس سے آگاہ کریں؟ حضرت عائشہؓ نے فرمایا مجھے یہ (بات) بھلا دی گئی تھی۔

113:حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَعَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا

113: حضرت عائشہؓ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی بیماری کے دوران فرمایا میں

111: تخریج : ترمذی کتاب المناقب باب فی مناقب عثمانؓ بن عفان 3704

112:تخریج :ترمذی کتاب المناقب باب فی مناقب عثمانؓ بن عفان 3705

113:تخریج :ترمذی کتاب المناقب باب فی مناقب عثمانؓ بن عفان 3711

إِسْمَعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ وَدِدْتُ أَنَّ عِنْدِي بَعْضَ أَصْحَابِي قُلْنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ أَلَا نَدْعُو لَكَ أَبَا بَكْرٍ فَسَكَتَ قُلْنَا أَلَا نَدْعُو لَكَ عُمَرَ فَسَكَتَ قُلْنَا أَلَا نَدْعُو لَكَ عُثْمَانَ قَالَ نَعَمْ فَجَاءَ فَخَلَا بِهِ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَلِّمُهُ وَوَجْهُ عُثْمَانَ يَتَغَيَّرُ قَالَ قَيْسٌ فَحَدَّثَنِي أَبُو سَهْلَةَ مَوْلَى عُثْمَانَ أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ قَالَ يَوْمَ الدَّارِ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ إِلَيَّ عَهْدًا فَأَنَا صَائِرٌ إِلَيْهِ وَقَالَ عَلِيٌّ فِي حَدِيثِهِ وَأَنَا صَابِرٌ عَلَيْهِ قَالَ قَيْسٌ فَكَانُوا يُرَوْنَهُ ذَلِكَ الْيَوْمَ

نے چاہا کہ میرے پاس بعض صحابہؓ ہوں۔ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا ہم آپؐ کی خدمت میں ابوبکرؓ کو نہ بلالیں؟ آپؐ خاموش رہے۔ پھر ہم نے کہا کہ کیا ہم آپؐ کی خدمت میں عمرؓ کو نہ بلالیں؟ آپؐ خاموش رہے۔ پھر ہم نے کہا کہ کیا ہم آپؐ کی خدمت میں عثمانؓ کو نہ بلالیں؟ آپؐ نے فرمایا ہاں۔ وہ آئے، آپؐ اُن سے تنہائی میں ملے اور نبی ﷺ ان سے گفتگو فرمانے لگے اور عثمانؓ کے چہرے کا رنگ بدل رہا تھا۔ قیس کہتے ہیں مجھ سے ابوسہلہ جو حضرت عثمانؓ کے آزاد کردہ غلام تھے نے بیان کیا کہ حضرت عثمان بن عفانؓ نے یوم الدار☆ کے موقعہ پر بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے ایک تاکیدی ارشاد فرمایا تھا اور میں اس کی طرف جارہا ہوں۔ (راوی) علی بیان کرتے ہیں کہ انہوں (حضرت عثمانؓ) نے فرمایا اَنَا صَابِرٌ عَلَيْهِ میں اس پر مضبوطی سے قائم ہوں۔ (راوی) قیس کہتے ہیں کہ لوگ اس کو یہی دِن سمجھے تھے۔

☆یوم الدار اس دن کو کہا جاتا ہے جس دن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو منافقوں نے آپؓ کے گھر میں محصور کر دیا اور پھر انتہائی بے دردی سے شہید کر دیا۔

فَضْلُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی فضیلت

114: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ وَأَبُو مُعَاوِيَةَ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ عَهِدَ إِلَيَّ النَّبِيُّ الْأُمِّيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ لَا يُحِبُّنِي إِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا يُبْغِضُنِي إِلَّا مُنَافِقٌ

114: حضرت علیؓ نے بیان فرمایا کہ مجھے نبی اُمّی ﷺ نے واضح طور پر بتایا کہ مجھ سے صرف مومن ہی محبت کرے گا اور مجھ سے صرف منافق ہی بغض رکھے گا۔

115: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ سَمِعْتُ إِبْرَاهِيمَ بْنَ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لِعَلِيٍّ أَلَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى

115: حضرت سعدؓ بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت علیؓ سے فرمایا کہ کیا تم اس بات پر راضی نہیں کہ تم مجھ سے ایسے ہو جیسے ہارونؑ موسیٰؑ سے۔

116: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا أَبُو الْحُسَيْنِ أَخْبَرَنِي حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ أَقْبَلْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ

116: حضرت براء بن عازبؓ نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج میں آئے جو آپؐ نے کیا تھا۔ آپؐ راستے میں ایک جگہ قیام پذیر ہوئے اور باجماعت نماز کے لئے ارشاد فرمایا۔ آپؐ نے

114: **اطراف** : **ابن ماجه** باب فضل سلمانؓ وابی ذرؓ والمقدادؓ 149

تخريج :**مسلم** كتاب الايمان باب الدليل على ان حب الانصار وعلى رضى الله عنهم من الايمان وعلاماته وبغضهم من علامات النفاق 105 **ترمذى** كتاب المناقب عن رسول الله باب مناقب على رضى الله عنه 3736 **نسائى** كتاب الايمان وشرائعه باب علامة الايمان 5018 علامة المنافق 5022

115: **اطراف** : **ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب فضل على بن ابى طالبؓ 121

تخريج :**بخارى** كتاب فضائل اصحاب النبى ﷺ باب مناقب على بن ابى طالبؓ 3706 كتاب المغازى باب غزوة تبوك وهى غزوة العسرة 4416 **مسلم** كتاب فضائل صحابة باب من فضائل على بن ابى طالب 4404، 4405، 4407 **ترمذى** كتاب المناقب باب مناقب علىؓ بن ابى طالب 3724، 3730، 3731

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّتِهِ الَّتِي حَجَّ فَنَزَلَ فِي بَعْضِ الطَّرِيقِ فَأَمَرَ الصَّلَاةَ جَامِعَةً فَأَخَذَ بِيَدِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَقَالَ أَلَسْتُ أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ قَالُوا بَلَى قَالَ أَلَسْتُ أَوْلَى بِكُلِّ مُؤْمِنٍ مِنْ نَفْسِهِ قَالُوا بَلَى قَالَ فَهَذَا وَلِيُّ مَنْ أَنَا مَوْلَاهُ اللَّهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ اللَّهُمَّ عَادِ مَنْ عَادَاهُ

حضرت علیؓ کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا کیا میں مومنوں سے ان کی جانوں سے زیادہ قریب نہیں ہوں؟ لوگوں نے عرض کیا کیوں نہیں؟ حضورؐ نے فرمایا کیا میں ہر مومن سے اس کی جان سے زیادہ قریب نہیں ہوں۔ انہوں نے عرض کیا کیوں نہیں۔ فرمایا یہ اس کا ولی ہے جس کا میں مولیٰ ہوں۔ اے اللہ! تو اسے دوست رکھ جو اس کو دوست رکھے اور اے اللہ! تو بھی اس سے دشمنی رکھ جو اس سے دشمنی رکھے۔

117: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي لَيْلَى حَدَّثَنَا الْحَكَمُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى قَالَ كَانَ أَبُو لَيْلَى يَسْمُرُ مَعَ عَلِيٍّ فَكَانَ يَلْبَسُ ثِيَابَ الصَّيْفِ فِي الشِّتَاءِ وَثِيَابَ الشِّتَاءِ فِي الصَّيْفِ فَقُلْنَا لَوْ سَأَلْتَهُ فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ إِلَيَّ وَأَنَا أَرْمَدُ الْعَيْنِ يَوْمَ خَيْبَرَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي أَرْمَدُ الْعَيْنِ فَتَفَلَ فِي عَيْنِي ثُمَّ قَالَ اللَّهُمَّ أَذْهِبْ عَنْهُ الْحَرَّ وَالْبَرْدَ قَالَ فَمَا وَجَدْتُ حَرًّا وَلَا بَرْدًا بَعْدَ يَوْمِئِذٍ وَقَالَ لَأَبْعَثَنَّ رَجُلًا يُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيُحِبُّهُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ لَيْسَ بِفَرَّارٍ فَتَشَرَّفَ لَهُ النَّاسُ فَبَعَثَ إِلَى

117: عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ نے بیان کیا کہ ابولیلیٰ حضرت علیؓ کے ساتھ رات کو گفتگو کرتے تھے۔ حضرت علیؓ گرمی کے کپڑے سردی میں پہن لیا کرتے تھے اور سردی کے گرمی میں۔ ہم نے ان (ابولیلیٰ) سے کہا اگر آپ اُن (حضرت علیؓ) سے پوچھ لیں۔ آپ (حضرت علیؓ) نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے میری طرف خیبر کے دن بلا بھیجا اور مجھے آشوب چشم تھا۔ آپؐ کی خدمت میں حاضر ہونے پر حضرت علیؓ نے عرض کیا مجھے آشوبِ چشم ہے۔ آپؐ نے میری آنکھ میں اپنا لعابِ دہن لگایا پھر دعا کی اے اللہ! اس سے گرمی اور سردی کو دور کردے۔ اس دن کے بعد میں گرمی اور سردی نہیں پاتا۔ آپؐ نے فرمایا میں غزوۂ خیبر کیلئے ایسا آدمی بھیجوں گا جو اللہ اور اس کے

117: تخريج: **بخاری** كتاب الجهاد باب دعاء النبی ﷺ الی الاسلام 2942 باب ما قيل فی لواء النبی ﷺ 2975 باب فضل من اسلم على يديه رجل 3009 كتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب علیؓ بن ابی طالب... 3701، 3702، 3706 كتاب المغازی باب غزوة خيبر 4209، 4210 **مسلم** كتاب فضائل الصحابه باب من فضائل علیؓ بن ابی طالب 4406، 4408، 4409، 4410 **ترمذی** كتاب المناقب باب مناقب علیؓ بن ابی طالب.... 3724، 3730، 3731

عَلِيٍّ فَأَعْطَاهَا إِيَّاهُ

رسول سے محبت کرتا ہے اور اس سے بھی اللہ اور اس کا رسول محبت کرتے ہیں۔ وہ بھاگنے والا نہیں ہے۔ پس لوگ انتظار کرنے لگے۔ پس آپؐ نے حضرت علیؓ کو بُلا بھیجا پھر انہیں وہ (جھنڈا) عطا فرمایا۔

118: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَأَبُوهُمَا خَيْرٌ مِنْهُمَا

118: حضرت ابن عمرؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا حسنؓ اور حسینؓ جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں اور ان دونوں کے والدان دونوں سے بہتر ہیں۔

119: حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَسُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ وَإِسْمَعِيلُ بْنُ مُوسَى قَالُوا حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ حُبْشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ عَلِيٌّ مِنِّي وَأَنَا مِنْهُ وَلَا يُؤَدِّي عَنِّي إِلَّا عَلِيٌّ

119: حضرت حُبشی بن جُنادہؓ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ علیؓ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں اور میری طرف سے کوئی ادائیگی نہ کرے سوائے علیؓ کے۔

120: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَعِيلَ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّه بْنُ مُوسَى أَنْبَأَنَا الْعَلَاءُ بْنُ صَالِحٍ عَنِ الْمِنْهَالِ عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللَّه قَالَ قَالَ عَلِيٌّ أَنَا عَبْدُ اللَّهِ وَأَخُو رَسُولِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا الصِّدِّيقُ الْأَكْبَرُ

120: عباد بن عبداللہ نے بیان کیا کہ حضرت علیؓ نے فرمایا میں اللہ کا بندہ ہوں اور اس کے رسول ﷺ کا بھائی ہوں اور میں سب سے بڑا راست گو ہوں میرے بعد یہ بات کوئی نہیں کہے گا مگر کذاب ہی۔ میں نے لوگوں سے سات سال قبل نماز پڑھی۔

118:تخریج :ترمذی کتاب المناقب باب مناقب الحسن والحسین 3768، 3781

119:تخریج :ترمذی کتاب المناقب عن رسول الله باب مناقب علیؓ بن ابی طالب 3719

لَا يَقُولُهَا بَعْدِي إِلَّا كَذَّابٌ صَلَّيْتُ قَبْلَ النَّاسِ بِسَبْعِ سِنِينَ

121: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ ابْنِ سَابِطٍ وَهُوَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَ قَدِمَ مُعَاوِيَةُ فِي بَعْضِ حَجَّاتِهِ فَدَخَلَ عَلَيْهِ سَعْدٌ فَذَكَرُوا عَلِيًّا فَنَالَ مِنْهُ فَغَضِبَ سَعْدٌ وَقَالَ تَقُولُ هَذَا لِرَجُلٍ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ أَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى إِلَّا أَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ الْيَوْمَ رَجُلًا يُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ

121: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کے بارے میں روایت ہے کہ ایک حج کے موقع پر امیر معاویہؓ آئے اور ان کے پاس حضرت سعدؓ گئے اور لوگوں نے حضرت علیؓ کا ذکر کیا اور انہوں (معاویہؓ) نے ان (حضرت علیؓ) کے بارہ میں کچھ کہا۔ حضرت سعدؓ ناراض ہوگئے اور کہنے لگے کہ تم یہ اس شخص کے بارے میں کہہ رہے ہو؟ جس کے بارہ میں مَیں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے جس کا میں مولیٰ ہوں اس کا علیؓ مولیٰ ہے اور میں نے آپ ؐ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اے علیؓ! تم مجھ سے ایسے ہو جیسے ہارونؑ موسیٰؑ سے مگر یہ کہ میرے بعد نبی نہیں۔ میں نے آپؐ کو یہ بھی فرماتے ہوئے سنا کہ مَیں آج جھنڈا اس شخص کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت رکھتا ہے۔

فَضْلُ الزُّبَيْرِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی فضیلت

122: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ

122: حضرت جابرؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے قریظہ کے دن فرمایا (اس) قوم

121: **اطراف** : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضل علی بن ابی طالبؓ 115

تخریج :**بخاری** کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب علی بن ابی طالبؓ 3706 کتاب المغازی باب غزوة تبوک وهی غزوة العسرة 4416 **مسلم** کتاب فضائل صحابة باب من فضائل علی بن ابی طالب 4404، 4405، 4407 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب علیؓ بن ابی طالب 3724، 3730، 3731

122:**تخریج**:**بخاری** کتاب الجهاد والسیر باب فضل الطلیعة 2846 باب هل یبعث الطلیعة وحده 2847 باب السیر وحده ==

جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ قُرَيْظَةَ مَنْ يَأْتِينَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ فَقَالَ الزُّبَيْرُ أَنَا فَقَالَ مَنْ يَأْتِينَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ فَقَالَ الزُّبَيْرُ أَنَا ثَلَاثًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيٌّ وَإِنَّ حَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ

کی خبر ہمارے پاس کون لائے گا؟ حضرت زبیرؓ نے عرض کیا میں۔ آپؐ نے (دوبارہ) فرمایا (اس) قوم کی خبر ہمارے پاس کون لائے گا؟ حضرت زبیرؓ نے عرض کیا میں۔ (ایسا) تین مرتبہ (ہوا)۔ پھر نبی ﷺ نے فرمایا ہر نبی کا حواری ہوتا ہے اور میرا حواری زبیرؓ ہے۔

123: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ الزُّبَيْرِ قَالَ لَقَدْ جَمَعَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَوَيْهِ يَوْمَ أُحُدٍ

123: حضرت عبداللہ بن زبیرؓ سے روایت ہے کہ حضرت زبیرؓ نے بیان کیا کہ احد کے دن رسول اللہ ﷺ نے میرے لئے اپنے ماں باپ کو جمع[1] کر دیا۔

124: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ وَهَدِيَّةُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ يَا عُرْوَةُ كَانَ أَبَوَاكَ مِنَ الَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِلَّهِ وَالرَّسُولِ مِنْ بَعْدِ مَا أَصَابَهُمُ الْقَرْحُ أَبُو بَكْرٍ وَالزُّبَيْرُ

124: ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں انہوں نے بیان کیا کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا اے عروہؓ! تمہارے دو بزرگ —— حضرت ابوبکرؓ اور حضرت زبیرؓ —— اُن لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے اللہ اور رسول ﷺ کے حکم پر اپنے زخمی ہونے کے بعد بھی لبیک کہا[2]۔

= 2997 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب الزبیرؓ بن العوام 3719 کتاب المغازی باب غزوۃ الخندق 4113 کتاب اخبار الآحاد باب بعث النبی ﷺ الزبیر طلیعة وحده 7261 **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل طلحة و زبیر 4422 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب زبیر بن العوام 3744، 3745

123: **تخریج: بخاری** کتاب المناقب باب مناقب الزبیر بن العوام 3720 **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضائل طلحه وزبیر رضی الله عنهما 4423 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب الزبیر بن العوام 3743

124: **تخریج: بخاری** کتاب المغازی باب الذین استجابوا لله والرسول من بعد ما اصابهم القرح 4077 **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل طلحة والزبیر 4426، 4427

1:۔ جمع کرنے سے فِدَاکَ اَبِی وَاُمِّیْ —— تم پر میرے ماں باپ فدا ہوں —— کی طرف اشارہ ہے۔

2:۔ یہ اشارہ اس آیت کی طرف ہے مِنْهُمْ مَنْ قَضٰى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَّنْتَظِرُ (الاحزاب:24) کہ ان میں سے کچھ لوگوں نے اپنی جاں نثاری کا عہد پورا کر دیا اور کچھ ایسے ہیں جو انتظار میں ہیں۔

فَضْلُ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ کی فضیلت

125: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ وَعَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْأَوْدِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الصَّلْتُ الْأَزْدِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو نَضْرَةَ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ طَلْحَةَ مَرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ شَهِيدٌ يَمْشِي عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ

125: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ حضرت طلحہؓ نبی ﷺ کے پاس سے گزرے تو حضورؐ نے فرمایا کہ یہ شہید ہے جو زمین پر چل رہا ہے۔

126: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْأَزْهَرِ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنِي إِسْحَقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ قَالَ نَظَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى طَلْحَةَ فَقَالَ هَذَا مِمَّنْ قَضَى نَحْبَهُ

126: امیر معاویہ بن ابی سفیانؓ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے حضرت طلحہؓ کی طرف دیکھا اور فرمایا یہ ان لوگوں میں سے ہے جنہوں نے اپنے عہد کو پورا کر دیا☆۔

127: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَنْبَأَنَا إِسْحَقُ عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ مُعَاوِيَةَ فَقَالَ أَشْهَدُ

127: موسیٰ بن طلحہؓ نے بیان کیا کہ ہم امیر معاویہؓ کے پاس تھے۔ انہوں نے کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ کہتے ہوئے

☆ یہ اشارہ اس آیت کی طرف ہے مِنْهُمْ مَنْ قَضٰى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَّنْتَظِرُ (الاحزاب:24) کہ ان میں سے کچھ لوگوں نے اپنی جاں نثاری کا عہد پورا کر دیا اور کچھ ایسے ہیں جو انتظار میں ہیں۔

125: تخریج: ترمذی کتاب المناقب باب مناقب طلحة بن عبيدالله 3739

126: اطراف: ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضل طلحة بن عبيد الله 127

تخریج: ترمذی کتاب تفسير القرآن باب ومن سورة الاحزاب 3202، 3203 كتاب المناقب باب مناقب طلحه بن عبيد اللهؓ 3740، 3742

127: اطراف: ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضل طلحة بن عبيد الله 126

تخریج: ترمذی کتاب تفسير القرآن باب ومن سورة الاحزاب 3202، 3203 كتاب المناقب باب مناقب طلحه بن عبيد اللهؓ 3740، 3742

لَسَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ طَلْحَةُ مِمَّنْ قَضَى نَحْبَهُ

سنا کہ طلحہؓ ان میں سے ہے جنہوں نے اپنے عہد کو پورا کردیا۔

128: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ إِسْمَعِيلَ عَنْ قَيْسٍ قَالَ رَأَيْتُ يَدَ طَلْحَةَ شَلَّاءَ وَقَى بِهَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ

128: قیس نے بیان کیا کہ میں نے حضرت طلحہؓ کا ہاتھ دیکھا، جو شل تھا۔ جس کو انہوں نے احد کے دن رسول اللہ ﷺ کے لئے ڈھال بنایا۔

فَضْلُ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی فضیلت

129: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شَدَّادٍ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ أَبَوَيْهِ لِأَحَدٍ غَيْرَ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ فَإِنَّهُ قَالَ لَهُ يَوْمَ أُحُدٍ ارْمِ سَعْدُ فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي

129: حضرت علیؓ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کسی کے لئے اپنے والدین کو جمع کرتے ہوئے نہیں دیکھا سوائے حضرت سعدؓ بن مالک کے۔ حضورؐ نے انہیں اُحد کے دن فرمایا سعدؓ! تیر چلاؤ تم پر میرے ماں باپ فدا ہوں۔

130: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ أَنْبَأَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ ح و حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا

130: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے احد کے دن میرے لئے

128: **تخریج** : **بخاری** کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب ذکر طلحة بن عبیدالله 3724 کتاب المغازی باب اذ همت طائفتان منکم ان تفشلا 4063

129: **اطراف** : **ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب فضل سعد بن ابی وقاص رضی الله عنه 130

تخریج : **بخاری** کتاب الجهاد باب المجن ومن یتترس بترس صاحبه 2905 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب سعدؓ بن ابی وقاص3725 کتاب المغازی باب اذ همت طائفتان منکم ان تفشلا 4055، 4056، 4057، 4058، 4059، 4064 کتاب الادب باب قول الرجل فداک ابی وامی 6184 **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضل سعد بن ابی وقاص4415، 4416، 4417 **ترمذی** کتاب الادب باب ما جاء فی فداک ابی وامی 2828، 2829، 2830 کتاب المناقب باب مناقب سعد بن ابی وقاص 3753، 3754، 3755

130: **اطراف** : **ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب فضل سعد بن ابی وقاص رضی الله عنه 129

حَاتِمُ بْنُ إِسْمَعِيلَ وَإِسْمَعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ يَقُولُ لَقَدْ جَمَعَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ أَبَوَيْهِ فَقَالَ ارْمِ سَعْدُ فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي

اپنے والدین کو جمع کیا اور فرمایا سعدؓ! تیر چلاؤ تم پر میرے ماں باپ فدا ہوں۔

131: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ وَخَالِي يَعْلَى وَوَكِيعٌ عَنْ إِسْمَعِيلَ عَنْ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ يَقُولُ إِنِّي لَأَوَّلُ الْعَرَبِ رَمَى بِسَهْمٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

131: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ بیان کرتے ہیں کہ میں پہلا عرب ہوں جس نے اللہ کی راہ میں تیر چلایا۔

132: حَدَّثَنَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي زَائِدَةَ عَنْ هَاشِمِ بْنِ هَاشِمٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُولُ قَالَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ مَا أَسْلَمَ أَحَدٌ فِي الْيَوْمِ الَّذِي أَسْلَمْتُ فِيهِ وَلَقَدْ مَكَثْتُ سَبْعَةَ أَيَّامٍ وَإِنِّي لَثُلُثُ الْإِسْلَامِ

132: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ نے بیان کیا کہ جس دن میں نے اسلام قبول کیا اس دن کسی اور نے نہیں کیا۔ میں سات دن ٹھہرا رہا اور میں اسلام کا ایک تہائی تھا۔

تخریج : بخاری کتاب الجهاد باب المجن ومن يتترس بترس صاحبه 2905 كتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب سعدؓ بن ابی وقاص 3725 کتاب المغازی باب اذ همت طائفتان منكم ان تفشلا 4055 ، 4056 ، 4057 ، 4058 ، 4059 ، 4064 کتاب الادب باب قول الرجل فداک ابی وامی 6184 **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضل سعدؓ بن ابی وقاص 4415 ، 4416 4417 **ترمذی** کتاب الادب باب ما جاء فی فداک ابی وامی 2828 ، 2829 ، 2830 کتاب المناقب باب مناقب سعد بن ابی وقاص 3753 ، 3754 ، 3755

131:**تخریج : بخاری** کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب سعدؓ بن ابی وقاص 3728 کتاب الرقاق باب کیف کان عیش النبی ﷺ 6453 **مسلم** کتاب الزهد باب الدنيا سجن المؤمن وجنة الكافر 5253 **ابوداؤد** کتاب الادب باب فی الرجل یتمنی الی غیر موالیه 5113 **ترمذی** کتاب الزهد باب ما جاء فی معيشة اصحاب النبی ﷺ 2365 ، 2366

132:**اطراف : ابن ماجه** کتاب الزهد باب معيشة اصحاب النبی ﷺ 4156

تخریج : بخاری کتاب الاطعمة باب ما كان النبی ﷺ واصحابه يأكلون 5412 فضائل القرآن باب كراهية الحان القرآن 3726 ، 3727 کتاب المناقب باب اسلام سعد بن ابی وقاص 3858

فَضَائِلُ الْعَشَرَةِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ

دس صحابہ رضی اللہ عنہم کے فضائل

133: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْمُثَنَّى أَبُو الْمُثَنَّى النَّخَعِيُّ عَنْ جَدِّهِ رِيَاحِ بْنِ الْحَارِثِ سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ يَقُولُ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَاشِرَ عَشَرَةٍ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ وَعُثْمَانُ فِي الْجَنَّةِ وَعَلِيٌّ فِي الْجَنَّةِ وَطَلْحَةُ فِي الْجَنَّةِ وَالزُّبَيْرُ فِي الْجَنَّةِ وَسَعْدٌ فِي الْجَنَّةِ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ فِي الْجَنَّةِ فَقِيلَ لَهُ مَنِ التَّاسِعُ قَالَ أَنَا

133: حضرت سعیدؓ بن زید بن عمرو بن نفیل نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ دس افراد کی ایک مجلس میں تشریف فرما تھے۔ آپؐ نے فرمایا کہ ابوبکرؓ جنت میں ہیں۔ عمرؓ جنت میں ہیں۔ عثمانؓ جنت میں ہیں۔ علیؓ جنت میں ہیں۔ طلحہؓ جنت میں ہیں۔ زبیرؓ جنت میں ہیں۔ سعدؓ جنت میں ہیں۔ عبدالرحمٰنؓ جنت میں ہیں۔ ان (سعید بن زیدؓ) سے پوچھا گیا کہ نواں کون ہے؟ کہا میں۔

134: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ ظَالِمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ أَشْهَدُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِّي سَمِعْتُهُ يَقُولُ اثْبُتْ

134: حضرت سعیدؓ بن زید نے بیان کیا کہ میں رسول اللہ ﷺ کے بارہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے آپؐ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اَے حراء! تو ٹھہرا رہ، تیرے پر نبی یا صدیق یا شہید کے سوا اور کوئی نہیں اور ان کو رسول اللہ ﷺ نے شمار فرمایا

133: اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضائل العشرة رضى الله عنهم 134
تخريج : بخارى كتاب فضائل اصحاب النبى ﷺ باب مناقب عمر بن خطابؓ 3686 **مسلم** كتاب فضائل الصحابة باب من فضائل طلحة وزبيرؓ 4424، 4425 **ترمذى** كتاب المناقب باب فى مناقب عثمانؓ بن عفان 3696، 3697 كتاب المناقب باب مناقب عبد الرحمانؓ 3747، 3748 كتاب المناقب باب مناقب سعيد بن زيد 3757 **ابو داؤد** كتاب السنة باب فى الخلفاء 4648، 4649، 4650

134: اطراف : ابن ماجه مقدمة المؤلف باب فضائل العشرة رضى الله عنهم 133
تخريج : بخارى كتاب فضائل اصحاب النبى ﷺ باب مناقب عمر بن خطابؓ 3686 **مسلم** كتاب فضائل الصحابة باب من فضائل طلحة وزبيرؓ 4424، 4425 **ترمذى** كتاب المناقب باب فى مناقب عثمانؓ بن عفان 3696، 3697 كتاب المناقب باب مناقب عبد الرحمانؓ 3747، 3748 كتاب المناقب باب مناقب سعيد بن زيد 3757 **ابو داؤد** كتاب السنة باب فى الخلفاء 4648، 4649، 4650

حِرَاءُ فَمَا عَلَيْكَ إِلَّا نَبِيٌّ أَوْ صِدِّيقٌ أَوْ شَهِيدٌ وَعَدَّهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَعَلِيٌّ وَطَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ وَسَعْدٌ وَابْنُ عَوْفٍ وَسَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ

ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ، علیؓ، طلحہؓ، زبیرؓ، سعدؓ، ابن عوفؓ اور سعیدؓ بن زید۔

فَضْلُ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت ابوعبیدہ بن جرّاح رضی اللہ عنہ کی فضیلت

135: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ جَمِيعًا عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ عَنْ حُذَيْفَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِأَهْلِ نَجْرَانَ سَأَبْعَثُ مَعَكُمْ رَجُلًا أَمِينًا حَقَّ أَمِينٍ قَالَ فَتَشَرَّفَ لَهُ النَّاسُ فَبَعَثَ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ

135: حضرت حذیفہؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے اہل نجران سے فرمایا کہ میں آپ لوگوں کے ساتھ ایک امین شخص کو جو واقعی امین ہے بھیجوں گا۔ راوی کہتے ہیں کہ لوگ سر اٹھا کر دیکھنے لگے۔ آپؐ نے حضرت ابوعبیدہؓ بن جرّاح کو بھجوایا۔

136: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ

136: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابوعبیدہؓ بن جراح کے بارہ میں فرمایا یہ اس امت کا امین ہے۔

135:**اطراف** : **ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب فضل ابی عبیدة بن الجراحؓ 136 مقدمة المؤلف باب فضائل خبابؓ 154
تخريج :**بخاری** کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب ابی عبیدة بن الجراحؓ 3745، 3744 کتاب المغازی باب قصة اهل نجران 4382، 4380، 4381 کتاب اخبار الاحاد باب ما جاء فی اجازة خبر الواحد 7255، 7254 **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضائل ابی عبیده بن الجراحؓ 4429، 4430 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب معاذ بن جبلؓ وزید بن ثابتؓ وابی عبیدة بن الجراحؓ 3790، 3791، 3796

136:**اطراف** :**ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب فضل ابی عبیدة بن الجراحؓ 135 مقدمة المؤلف باب فضائل خبابؓ 154
تخريج :**بخاری** کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب ابی عبیدة بن الجراحؓ 3745، 3744 کتاب المغازی باب قصة اهل نجران 4382، 4380، 4381 کتاب اخبار الاحاد باب ما جاء فی اجازة خبر الواحد 7255، 7254 **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب فضائل ابی عبیده بن الجراحؓ 4429، 4430 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب معاذ بن جبلؓ وزید بن ثابتؓ وابی عبیدة بن الجراحؓ 3790، 3791، 3796

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِأَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ هَذَا أَمِينُ هَذِهِ الْأُمَّةِ

فَضْلُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی فضیلت

137: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتُ مُسْتَخْلِفًا أَحَدًا عَنْ غَيْرِ مَشُورَةٍ لَاسْتَخْلَفْتُ ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ

137: حضرت علیؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر میں کسی کو بغیر مشورہ کے امیر بناتا تو ابن ام عبدؓ ☆ کو بناتا۔

138: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ بَشَّرَاهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْهُ عَلَى قِرَاءَةِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ

138: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ دونوں نے ان کو خوشخبری سنائی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس کو پسند ہو کہ وہ قرآن تر و تازہ جیسا نازل ہوا ہے ویسا ہی پڑھے تو اسے چاہئے کہ ابن ام عبد کے پڑھنے کی طرح پڑھے۔

☆ ترمذی میں جو روایت ہے اس میں مُسْتَخْلِفًا کی بجائے لَأَمَّرْتُ کے الفاظ ہیں۔ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتُ مُؤَمِّرًا أَحَدًا مِنْ غَيْرِ مَشُورَةٍ مِنْهُمْ لَأَمَّرْتُ عَلَيْهِمُ ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر میں کسی کو بغیر کسی کے مشورہ کے امیر بناتا تو میں ان پر ابن اُم عبد (یعنی عبداللہ بن مسعودؓ) کو امیر بناتا۔ (ترمذی کتاب المناقب باب عبداللہ بن مسعودؓ)

137: تخریج: **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب عبد الله بن مسعودؓ 3808، 3809

138: تخریج: **بخاری** کتاب التفسیر باب وما خلق الذکر والانثیٰ 4944 کتاب فضائل القرآن باب القراء من اصحاب النبی ﷺ 5000 **مسلم** کتاب فضائل صحابہؓ باب من فضائل عبد الله بن مسعودؓ وأمه 4488، 4489، 4490، 4491، 4492 کتاب صلاة المسافرین باب ما یتعلق بالقراءت 1356، 1357 **ترمذی** کتاب القراءت باب ومن سورة اللیل 2939 کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورة یٰسٓ 3227 کتاب الفتن باب ما جاء فی طلوع الشمس من مغربها 2186 **نسائی** کتاب الزینة الذؤابة 5063، 5064

139: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْنُكَ عَلَيَّ أَنْ تَرْفَعَ الْحِجَابَ وَأَنْ تَسْمَعَ سِوَادِي حَتَّى أَنْهَاكَ

139: حضرت عبد اللہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا تمہارے لئے میرے پاس آنے کی اجازت یہ ہے کہ پردہ اٹھاؤ☆ اور تم میری آہستہ آواز سنو سوائے اس کے کہ میں تمہیں منع کردوں۔

فَضْلُ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ کی فضیلت

140: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَرِيفٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي سَبْرَةَ النَّخَعِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ كُنَّا نَلْقَى النَّفَرَ مِنْ قُرَيْشٍ وَهُمْ يَتَحَدَّثُونَ فَيَقْطَعُونَ حَدِيثَهُمْ فَذَكَرْنَا ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَتَحَدَّثُونَ فَإِذَا رَأَوُا الرَّجُلَ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي قَطَعُوا حَدِيثَهُمْ وَاللَّهِ لَا يَدْخُلُ قَلْبَ رَجُلٍ الْإِيمَانُ حَتَّى يُحِبَّهُمْ لِلَّهِ وَلِقَرَابَتِهِمْ مِنِّي

140: حضرت عباس بن عبد المطلبؓ نے بیان کیا کہ ہم قریش میں سے لوگوں سے ملتے اور وہ باتیں کر رہے ہوتے، تو وہ اپنی باتیں بند کر دیتے، ہم نے اس کا ذکر نبی ﷺ سے کیا تو آپؐ نے فرمایا ان لوگوں کو کیا ہوا ہے، جو باتیں کر رہے ہوتے ہیں اور جب میرے اہل بیت میں سے کسی شخص کو دیکھتے ہیں تو اپنی باتیں بند کر دیتے ہیں۔ اللہ کی قسم کسی آدمی کے دل میں ایمان داخل نہیں ہوتا یہاں تک کہ وہ اللہ کی خاطر اور میری ان سے قرابت کی وجہ سے ان سے محبت نہ کرے۔

141: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ

141: حضرت عبد اللہ بن عمروؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ نے مجھے اپنا خلیل

☆ صحیح مسلم میں اَنْ تَرْفَعَ کی بجائے اَنْ يُرْفَعَ کے الفاظ ہیں یعنی پردہ اٹھا ہوا ہو۔ (مسلم کتاب السلام باب جواز جعل الاذن رفع حجاب او نحوه من العلامات 4019)

139: تخریج: مسلم كتاب السلام باب جواز جعل الاذن رفع حجاب او نحوه من العلامات 4019

140: تخریج: مسلم كتاب الزكاة باب فى تقديم الزكاة ومنعها 1620 ترمذی كتاب المناقب باب مناقب العباس بن عبد المطلب 3758، 3760، 3761 ابو داؤد كتاب الزكاة باب فى تعجيل الزكاة 1623

141: تخریج: مسلم كتاب المساجد باب النهى عن بناء المسجد على القبور 819

عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ اتَّخَذَنِي خَلِيلًا كَمَا اتَّخَذَ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلًا فَمَنْزِلِي وَمَنْزِلُ إِبْرَاهِيمَ فِي الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ تُجَاهَيْنِ وَالْعَبَّاسُ بَيْنَنَا مُؤْمِنٌ بَيْنَ خَلِيلَيْنِ

بنایا ہے جس طرح ابراہیمؑ کو خلیل بنایا۔ میرا گھر اور ابراہیمؑ کا گھر جنت میں قیامت کے دن آمنے سامنے ہوں گے اور عباسؓ ہمارے درمیان —— ایک مومن —— (اللہ کے) دو خلیلوں کے درمیان۔

فَضْلُ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ ابْنَيْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ

حضرت علیؓ بن اَبی طالب کے دو بیٹوں حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ رضی اللہ عنہم کے فضائل

142: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ أَنْبَأَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْحَسَنِ اللَّهُمَّ إِنِّي أُحِبُّهُ فَأَحِبَّهُ وَأَحِبَّ مَنْ يُحِبُّهُ قَالَ وَضَمَّهُ إِلَى صَدْرِهِ

142: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے حسنؓ کے لئے دعا کی اَے اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت کر اور اس سے بھی محبت رکھ جو اس سے محبت رکھے اور آپؐ نے ان (حسنؓ) کو اپنے سینے سے لگا لیا۔

143: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي عَوْفٍ أَبِي

143: حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے حسنؓ اور حسینؓ

142:**اطراف : ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب فضائل الحسين والحسين ابنى على ابن ابى طالب 143
تخريج :بخارى كتاب البيوع باب ما ذكر فى الاسواق 2122 كتاب فضائل اصحاب النبى ﷺ باب ذكر اسامة بن زيدؓ 3735 باب مناقب الحسن والحسين 3747 ، 3749 كتاب اللباس باب السخاب للصبيان 5884 **مسلم** كتاب فضائل الصحابة باب من فضائل الحسن والحسين رضى الله عنهما 4431 ، 4432 ، 4433 ، 4434 **ترمذى** كتاب المناقب باب مناقب على بن ابى طالبؓ 3733 باب مناقب الحسن والحسين 3769 ، 3882 ، 3783

143:**اطراف : ابن ماجه** مقدمة المؤلف باب فضائل الحسين والحسين ابنى على ابن ابى طالب 142 ==

الْجَحَّافِ وَكَانَ مَرْضِيًّا عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَحَبَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ فَقَدْ أَحَبَّنِي وَمَنْ أَبْغَضَهُمَا فَقَدْ أَبْغَضَنِي

سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے ان دونوں سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا۔

144: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي رَاشِدٍ أَنَّ يَعْلَى بْنَ مُرَّةَ حَدَّثَهُمْ أَنَّهُمْ خَرَجُوا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى طَعَامٍ دُعُوا لَهُ فَإِذَا حُسَيْنٌ يَلْعَبُ فِي السِّكَّةِ قَالَ فَتَقَدَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَامَ الْقَوْمِ وَبَسَطَ يَدَيْهِ فَجَعَلَ الْغُلَامُ يَفِرُّ هَا هُنَا وَهَا هُنَا وَيُضَاحِكُهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَخَذَهُ فَجَعَلَ إِحْدَى يَدَيْهِ تَحْتَ ذَقْنِهِ وَالْأُخْرَى فِي فَأْسِ رَأْسِهِ فَقَبَّلَهُ وَقَالَ حُسَيْنٌ مِنِّي وَأَنَا مِنْ حُسَيْنٍ أَحَبَّ اللَّهُ مَنْ أَحَبَّ حُسَيْنًا حُسَيْنٌ سِبْطٌ مِنَ الْأَسْبَاطِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ مِثْلَهُ

144: حضرت یعلی بن مرۃؓ نے بیان کیا کہ لوگ نبی ﷺ کے ساتھ ایک کھانے کی دعوت کے لئے چلے جس کیلئے انہیں بلایا گیا تھا۔ تو حسینؓ گلی میں کھیل رہے تھے۔ راوی کہتے ہیں نبی ﷺ لوگوں سے آگے بڑھے اور اپنے ہاتھ پھیلائے اور لڑکا (یعنی حسینؓ) ادھر ادھر بھاگنے لگا۔ نبی ﷺ اس کے ساتھ ہنسنے کھیلنے لگے یہاں تک کہ آپؐ نے اسے پکڑ لیا اور ایک ہاتھ اس کی ٹھوڑی کے نیچے رکھا اور دوسرا اس کے سر کے اوپر اور اسے بوسہ دیا اور فرمایا حسینؓ مجھ سے ہے اور میں حسینؓ سے ہوں، اللہ اس سے محبت کرتا ہے جو حسین سے محبت کرتا ہے، حسینؓ بھی اسباط میں سے ہے۔☆

تخریج: بخاری کتاب البیوع باب ما ذکر فی الاسواق 2122 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب ذکر اسامة بن زیدؓ 3735 باب مناقب الحسن والحسین 3747، 3749 کتاب اللباس باب السخاب للصبیان 5884 **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل الحسن والحسین رضی الله عنهما 4431، 4432، 4433، 4434 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب علی بن ابی طالبؓ 3733 باب مناقب الحسن والحسین 3769، 3882، 3783

144: **تخریج: ترمذی** کتاب المناقب عن رسول الله باب الحسن والحسین 3775

☆ **اسباط کے لفظ میں اشارہ اس کی طرف ہے جو سورۃ بقرہ آیت نمبر 137 میں ہے۔ واللہ اعلم**

145:حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ وَعَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو غَسَّانَ حَدَّثَنَا أَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ عَنِ السُّدِّيِّ عَنْ صُبَيْحٍ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ أَنَا سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمْتُمْ وَحَرْبٌ لِمَنْ حَارَبْتُمْ

145: حضرت زید بن ارقمؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علیؓ حضرت فاطمہؓ حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا میری اس سے صلح ہے جس سے تم صلح کرو اور جنگ ہے جس سے تم جنگ کرو۔

فَضْلُ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ

حضرت عمار بن یاسرؓ کی فضیلت

